ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

روزنامہ
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | پیر 22 جون 2026ء، 06 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 297
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

قومی اسمبلی سینیٹ 91 کھرب 71 ارب کے 125 مطالبات زر منظور، اپوزیشن کی 307 کٹوتی کی تحاریک مسترد

وزارت ریلوے کے 1 کھرب 11 ارب سے زائد کے 2، وزارت مذہبی امور کے 2 ارب سے زائد کے 2، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے 19 ارب سے زائد کے دو مطالبات زر منظور

اپوزیشن نے کابینہ ڈویژن کے 18 مطالبات، توانائی ڈویژن کے 6 مطالبات زر پر 116، خزانہ ڈویژن کے 12 مطالبات زر پر کٹوتی کی 100 تحاریک پیش کیں

اسلام آباد (راجہ جاوید سے) قومی اسمبلی اور سینیٹ سے 31 وزارتوں اور ڈویژنوں کے 91 کھرب 71 ارب سے زائد مالیت کے 125 مطالبات زر منظور ہوگئے، وزارتوں اور ڈویژنوں کے بجٹ پر اپوزیشن کی 307 کٹوتی کی تحاریک کثرت رائے سے مسترد کر دی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے وفاقی وزارتوں اور ڈویژنوں کے بجٹ کی منظوری کے لیے مطالبات زر پیش کیے جس کے تحت قومی اسمبلی نے اسمبلی اور سینیٹ سمیت 31 وزارتوں اور ڈویژنوں کے 91 کھرب 71 ارب 78 کروڑ سے زائد کے 125 مطالبات زر منظور کرتے ہوئے وزارتوں اور ڈویژنوں کے بجٹ پر اپوزیشن کی 307 کٹوتی کی تحاریک مسترد کر دیں۔ اپوزیشن نے کابینہ ڈویژن کے 18 مطالبات زر پر 90، توانائی ڈویژن کے 6 مطالبات زر پر 116، خزانہ ڈویژن کے 12 مطالبات زر پر کٹوتی کی 100 تحاریک پیش کیں۔ قومی اسمبلی نے کابینہ ڈویژن کے 1 کھرب 53 ارب سے زائد کے 29 مطالبات زر منظور کرتے ہوئے اپوزیشن کی جانب سے کابینہ ڈویژن اور ذیلی اداروں کے بجٹ میں کٹوتی سے متعلق 90 کٹوتی کی تحاریک مسترد کر دیں جبکہ خزانہ ڈویژن کے 42 کھرب 62 ارب سے زائد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)



گوجر خان، سکھ خاندان کی گاڑی حادثہ کا شکار، 3 افراد جاں بحق 10 زخمی

سردار فتح سنگھ اپنی فیملی کے ہمراہ ناران کاغان کی سیر کے لئے بذریعہ اے پی وین جا رہے تھے

کیوائی واٹر فال کے قریب شاہراہ کاغان پر سریے سے لدا ٹرک بے قابو ہو کر سکھ فیملی کی گاڑی پر الٹ گیا

گوجر خان (بیورو رپورٹ) سیر و سیاحت کے لئے کاغان جانے والی بدقسمت سکھ خاندان کی گاڑی حادثہ کا شکار ہو گئی دو بچوں سمیت تین افراد جاں بحق 10 شدید زخمی حادثہ شاہراہ کاغان پر کیوائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ٹیلی کمیونیکیشن ری آرگنائزیشن ترمیمی بل کی شقوں پر نظرثانی کیلئے کمیٹی قائم

وفاقی وزیر شزہ فاطمہ، سینیٹر شیری رحمن، احد چیمہ، اٹارنی جنرل منصور اعوان اور ماہرین کمیٹی کے ارکان میں شامل

وزیراعظم نے کمیٹی کو بل پر جلد نظرثانی کر کے تجاویز پیش کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ٹیلی کمیونیکیشن ری آرگنائزیشن (ترمیمی) بل کی شقوں پر نظرثانی کیلئے کمیٹی قائم کر دی۔ کمیٹی کی سربراہی وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ کریں گے جبکہ سینیٹر شیری رحمن، وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، اٹارنی جنرل منصور اعوان اور قانون و آئی ٹی شعبے کے ماہرین کمیٹی کے ارکان میں شامل ہیں۔ بل کی بعض شقوں کے حوالے سے تحفظات سامنے آنے پر یہ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ کمیٹی ٹیلی کمیونیکیشن تنصیبات کے قیام اور نجی ملکیتی زمین و مجموعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا گروپ فوٹو

ٹرمپ کی دھمکیاں امریکہ ایران مذاکرات معطل

ایرانی وفد نے باضابطہ احتجاج درج کرایا اور بعدازاں مذاکراتی میز چھوڑ کر چلا گیا، بات چیت لبنان پر اسرائیلی حملے نہ ہونے سے مشروط کر دی

ہمیں پاکستان سے محبت ہے، وزیراعظم شہباز بہترین قیادت، عاصم منیر عظیم ملٹری لیڈر ہیں وہ نہ ہوتے تو آج ہم یہاں نہ ہوتے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ امن پسند شخصیت، اسپیکر باقر قالیباف اور ایران کی قیادت خطے میں امن کیلئے مخلص ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی میڈیا سے گفتگو

سوئٹزرلینڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ٹرمپ کے ایران کیخلاف دیے گئے سخت بیان سے بدمزگی پیدا ہوگئی جس کے بعد ایران نے مذاکرات معطل کر دیے۔ سوئٹزرلینڈ کے سیاحتی ریزورٹ برگن اسٹاک میں پاکستان کی ثالثی میں امریکا اور ایران کے درمیان جاری مذاکرات تعطل کا شکار ہوگئے۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی کے مطابق صدر ٹرمپ کے بیان کے بعد ایران نے مذاکرات معطل کر دیے، ایرانی وفد نے برگن اسٹاک سے روانگی کی تیاری شروع کر دی۔ خبر کے مطابق ایرانی وفد نے بات چیت لبنان پر اسرائیلی حملے نہ ہونے سے مشروط کر دی، ایرانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

جنیوا (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے پاکستان کے سفارتی کردار کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں پاکستان سے محبت ہے، انہوں نے بطور خاص آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے کہا کہ آپ نے جو کچھ کیا، اس کے لیے ہم آپ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

برگن سٹاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ امن پسند شخصیت ہیں، اسپیکر باقر قالیباف اور ایران کی قیادت خطے میں امن کیلئے مخلص ہے۔ برگن اسٹاک میں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو امن پسند شخصیت قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کرانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک ایٹمی تصادم کے انتہائی قریب پہنچ چکے تھے، تاہم صدر ٹرمپ کی متحرک اور جرات مندانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

ظلم و جبر کا نظام مسلط کرنے میں تمام حکمران پارٹیاں شامل ہیں، حافظ نعیم الرحمن

سندھ میں پیپلز پارٹی کی 18 سال سے حکومت، کراچی کے شہری پانی سے محروم ہیں، کراچی میں ممبر شپ مہم کے کیمپوں کا دورہ

پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم نورا کشتی میں لگے ہیں، قومی و بلدیاتی انتخابات میں جماعت اسلامی کے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا گیا، خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ عوام پر ظلم و استحصال اور جبر کا نظام مسلط کرنے میں تمام حکمران پارٹیاں شامل ہیں، ان پارٹیوں کا عام لوگوں سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ جاگیرداروں، وڈیروں، آٹا مافیا، چینی مافیا کا گٹھ جوڑ ہیں۔ حکمرانوں کو عوام کی تکالیف، مسائل اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں، عوام 10 سے 12 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ، سڑکیں نہ ہونے اور ٹرانسپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

چیئرمین سینیٹ کا مری ایکسپریس سانحے کے متاثرہ خاندان سے اظہارِ تعزیت

ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی، سانحہ نے پورے ملتان کو سوگوار کر دیا، سید یوسف گیلانی

ملتان (نمائندہ شہرنامہ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے مری ایکسپریس کے المناک حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کیا اور گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک انتہائی افسوسناک اور دلخراش سانحہ ہے جس نے پورے ملتان کو سوگوار کر دیا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ایک ہی خاندان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ملتان، چیئرمین سینیٹ یوسف گیلانی سانحہ مری کے جاں بحق افراد کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عوامی خدمت کے جذبہ سے سرشار امجد حسین وزیراعلیٰ گلگت بلتستان نامزد

وکالت، سیاست اور عوامی خدمت کے میدان میں طویل تجربہ، شمار خطے کی بااثر اور متحرک سیاسی شخصیات میں ہوتا ہے

گلگت بلتستان کونسل کے رکن بھی رہے، آئینی اصلاحات، قانون سازی اور گلگت بلتستان کے حقوق کے لیے مؤثر کردار ادا کیا

اسلام آباد (شہرنامہ رپورٹ) گلگت بلتستان کی سیاست میں ایک نئے باب کا آغاز ہونے جا رہا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر اور سینئر قانون دان امجد حسین ایڈووکیٹ وزیر اعلیٰ کے نامزد وہ جلد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اسد قیصر کا بارڈرز پر تجارت ایشو پر جرگہ بلانے کا اعلان

وزیراعلیٰ سے ملاقات کر کے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، سابق اسپیکر اسمبلی

پشاور (شہرنامہ نیوز) سابق سپیکر قومی اسمبلی اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے 19 جولائی کو بارڈرز پر تجارت کے ایشو پر جرگہ بلانے کا اعلان کر دیا۔ پشاور میں تاجروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسد قیصر کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے وزیراعلیٰ سے ملاقات کر کے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، کیونکہ موجودہ حالات میں یہ صرف سیاست نہیں بلکہ بقا کا مسئلہ بن چکا ہے۔ اُنہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

پاکستان سٹیل ملز کے نقصانات 800 ارب سے متجاوز

کراچی (صباح نیوز) پاکستان اسٹیل ملز کارپوریشن (پی ایس ایم سی) اسٹیک ہولڈرز گروپ نے پاکستان اسٹیل ملز کے مستقبل سے متعلق خدشات کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور انتظامیہ سے واضح پالیسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

لیگی رکن اسمبلی کا 5 ہزار کے نوٹ پر نواز شریف کی تصویر لگانے کا مطالبہ

نواز شریف ہی تھا جس نے اس ملک کو ترقی کی طرف گامزن کیا، ارشد ملک

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کے رکن پنجاب اسمبلی ارشد ملک نے 5 ہزار روپے کے نوٹ پر نواز شریف کی تصویر بھی لگانے کا مطالبہ کر دیا۔ پنجاب اسمبلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی، اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں بارش سے موسم خوشگوار

اسلام آباد (آئی این پی) راولپنڈی، اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا، گرمی کے ستائے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا۔ دوسری جانب نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

1800 سی سی تک گاڑیوں پر سپیشل ایکسائز ڈیوٹی نہیں ہوگی: بلال اظہر

حکومت بڑی اور لگژری گاڑیوں کو سستا نہیں کرنا چاہتی، وزیر مملکت

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ 1800 سی سی تک گاڑیوں پر سپیشل ایکسائز ڈیوٹی عائد نہیں ہوگی۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں درآمدی لگژری، ہائبرڈ اور الیکٹرک گاڑیوں پر بھاری ٹیکس عائد کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)



کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن ممبرشپ ڈرائیو کیمپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مصر کے صدر سے ملاقات

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی جانب سے صدر السیسی کو نیک خواہشات اور سلام پہنچایا

قاہرہ (اے پی پی): پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود، ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان اور مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی کے ہمراہ مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی سے مشترکہ ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے صدر السیسی کو نیک خواہشات اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

آئندہ سال حج کیلئے رجسٹریشن آج سے شروع کرنے کا فیصلہ

عازمین حج وزارت مذہبی امور کی ویب سائٹ پر آن لائن رجسٹریشن کروا سکیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی حکومت نے آئندہ سال کے حج کے لیے رجسٹریشن کا عمل (آج) بروز پیر 22 جون سے شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت مذہبی امور پاکستان نے سوموار کے روز سے حج رجسٹریشن کا آغاز کرنے کے ہدایت کر دی، عازمین وزارت مذہبی امور کی ویب سائٹ پر آن لائن رجسٹریشن کروا سکیں گے، صرف رجسٹرڈ عازمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد کا 3 روز سے جاری ہڑتال ختم کرنے کا اعلان

کراچی (آئی این پی) ٹرانسپورٹ اتحاد نے ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کر دیا، آج (پیر) سے معمول کے مطابق پبلک ٹرانسپورٹ سڑکوں پر چلے گی۔ کراچی میں ٹرانسپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

وزیر تعلیم کا این ایف سی فیصل آباد کو سیل کرنے کا سخت نوٹس

سیکریٹری اور ایڈیشنل سیکریٹری سے معاملے پر تفصیلی وضاحت طلب

صورتحال پر تشویش: معاملہ قواعد و ضوابط کے مطابق حل کیا جانا چاہیے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے این ایف سی فیصل آباد کو سیل کیے جانے کے معاملے کا سخت نوٹس لیا ہے۔ وفاقی وزیر نے صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ سیکریٹری اور ایڈیشنل سیکریٹری سے پیر کے روز اس معاملے پر تفصیلی وضاحت طلب کر لی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایسے معاملات کو فوری طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



قاہرہ، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، سعودی، مصر اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ اجلاس میں شریک ہیں

موٹرویز اور قومی شاہراہوں پر سابقہ حدِ رفتار بحال

شہری مقررہ حدِ رفتار اور ٹریفک قوانین کی پابندی یقینی بنائیں، ترجمان موٹروے پولیس

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے موٹرویز اور قومی شاہراہوں پر عارضی طور پر کم کی گئی سابقہ حد رفتار بحال کر دی۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹرویز پر کاروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

برطانوی وزیراعظم کیئر سٹارمر کے مستعفی ہونے کا امکان

اینڈی برنہم سٹارمر کی جگہ بلا مقابلہ پارٹی کی قیادت اور وزارت عظمیٰ سنبھالیں گے

لندن (صباح نیوز) برطانیہ کے وزیراعظم کیئر سٹارمر کے مستعفی ہونے کا امکان ہے جبکہ امکان ہے کہ اینڈی برنہم ان کی جگہ بلا مقابلہ پارٹی کی قیادت اور وزارت عظمیٰ سنبھالیں گے۔ برطانوی میڈیا کے مطابق سینئر عہدیدار نے بتایا کہ وزیراعظم کیئر سٹارمر کو احساس ہو رہا ہے کہ ان کیلئے سیاسی صورتحال مشکل ہو چکی ہے اور وہ اپنی سیاسی میراث کو محفوظ بنانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 29 فیصد ٹیکس شامل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرول اور ڈیزل کی موجودہ قیمت میں ٹیکسوں کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ رپورٹ کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن کے ذرائع نے دعویٰ کیا کہ پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 29 فیصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

مارگلہ روڈ توسیع منصوبہ، اسلام آباد کو ایم ون سے ملانے کی تیاریاں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے اور شہریوں کو موٹروے تک آسان رسائی فراہم کرنے کیلئے مارگلہ ایونیو (مارگلہ روڈ) کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

بجٹ تجاویز کو حکومت نے خندہ پیشانی سے قبول کیا، راجہ پرویز

موجودہ حالات اور زمینی حقائق کے مطابق بجٹ بہترین رہا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بجٹ تجاویز اور مطالبات کو حکومت نے خندہ پیشانی سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پاکستان میرے دل میں بس گیا ہے، برطانوی وزیر

لندن (آئی این پی) برطانیہ کے وزیر ہمیش فاکنر نے ایران امریکا جنگ میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

92 فیصد اسرائیلی شہریوں نے ایران کو فاتح قرار دیدیا

نتائج اسرائیلی حکومت کے لیے ایک اہم انتباہ سمجھے جا رہے ہیں، سیاسی مبصرین

یروشلم (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک نئے سروے میں انکشاف ہوا ہے کہ اسرائیلی عوام کی بڑی اکثریت کا خیال ہے کہ مشرق وسطیٰ میں حالیہ جنگ اور اس کے بعد امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والے معاہدے سے ایران کو زیادہ فائدہ ہوا ہے، جبکہ اسرائیل کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

شمالی وزیرستان، فورسز کی کارروائی، 8 فتنہ الخوارج ہلاک، 2 جوان شہید

فورسز نے شمالی وزیرستان دوسالی میں فتنہ الخوارج کے عناصر کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا

دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے فورسز کے 2 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، کلیئرنس آپریشن جاری

شمالی وزیرستان، راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) دوسالی شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی 8 فتنہ الخوارج جہنم واصل متعدد زخمی ہو گئے، اطلاعات کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے دوسالی میں فتنہ الخوارج کے عناصر کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (IBO) کیا کارروائی کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 خوارج جہنم واصل جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اپوزیشن کی تقریر بغاوت سے شروع ہو کر ہتھیاروں پر ختم ہو گئی، عظمیٰ بخاری

اپوزیشن نے 9 مئی سے ابھی کچھ نہیں سیکھا، جس زبان میں ایوان میں گفتگو ہوئی ہم ایسے نہیں کرینگے، صوبائی وزیر اطلاعات

بغیر ثبوت کرپشن کے الزامات لگاتے ہیں، جب باہر نکلتے ہیں گولیوں اور سر کاٹنے کی باتیں، پنجاب اسمبلی میں خطاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات و نشریات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ اپوزیشن نے 9 مئی سے ابھی بھی کچھ نہیں سیکھا، ان کی تقریب بغاوت سے شروع اور ہتھیار پر ختم ہوئی۔ پنجاب اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ جس زبان میں ایوان میں گفتگو ہوئی ہم ایسے نہیں کریں گے، جب باہر نکلتے ہیں گولیوں کی باتیں اور سر کاٹنے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

درآمدی موبائل فونز پر عائد ٹیکسز میں کمی کی یقین دہانی

درآمدی موبائل فونز سے سالانہ 37 ارب ٹیکس ملتا ہے، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی خزانہ کو درآمدی موبائل فونز پر عائد 20 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کی یقین دہانی کرا دی۔ رپورٹ کے مطابق قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس اتوار کو چیئرمین کمیٹی سید نوید قمر کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں درآمدی و مقامی موبائل فونز پر عائد ٹیکسوں، آٹو پالیسی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

بیجنگ، چیئرمین یوتھ پروگرام رانا مشہود خان سے Tang چائنیز ایجوکیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کراچی، کالعدم مولوی مخلص گروپ کا دہشتگرد سلمان گرفتار

ملزم سے مبینہ طور پر خودکش جیکٹ، حساس مقامات کی تصاویر اور نقشے بھی برآمد

کراچی (آئی این پی) کراچی میں کاؤنٹر ٹیرر ازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) سندھ اور وفاقی حساس اداروں نے ایک مشترکہ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کے دوران کالعدم دہشتگرد تنظیم فتنہ الخوارج مولوی مخلص گروپ کا اہم دہشتگرد سلمان عرف ابوہریرہ گرفتار کرلیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق کارروائی کے دوران گرفتار ملزم سلمان عرف ابوہریرہ کو ایک منظم دہشتگرد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد پولیس اہلکاروں کی خاتون سے بدسلوکی، ویڈیو وائرل

خاتون پر سیکٹر آئی ایٹ میں بھیک مانگنے کا الزام عائد کیا گیا تھا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے سیکٹر آئی ایٹ میں خاتون کے ساتھ مبینہ بدسلوکی اور ہاتھاپائی کی ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد واقعہ توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیو میں سول کپڑوں میں ملبوس افراد کو ایک خاتون کو زبردستی پولیس وین میں بٹھاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اطلاعات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی، ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر، بیٹا جاں بحق، باپ شدید زخمی

حادثہ اڈیالہ روڈ قرار کیمپ موڑ کے قریب پیش آیا، ڈرائیور جائے حادثہ سے فرار

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں تیز رفتار ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق جبکہ اس کا باپ شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق راولپنڈی اڈیالہ روڈ پر قرار کیمپ موڑ کے قریب تیز رفتار ڈمپر نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی۔ ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 13 سالہ بیٹا جاں بحق اور باپ شدید زخمی ہوگیا جبکہ ڈمپر ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

روزنامہ شہر نامہ Daily SHEHAR NAMA Islamabad اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل کا خطہ میں امن کیلئے تعمیری کردار

ایران، امریکہ معاہدہ معاہدے پر امریکی صدر ٹرمپ، ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے الیکٹرانک دستخط کئے جس کے ساتھ ہی ایران اور خلیجی ممالک سمیت دنیا بھر میں "شکریہ پاکستان" کے نعرے بلند ہونا شروع ہوگئے اور وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پذیرائی کے لئے داد و تحسین کے ڈونگرے برستے نظر آئے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے معاہدے پر دستخطوں کے بعد وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور ان سے 35 منٹ تک ایران پاکستان تعلقات کے نئے دور کے حوالے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے بطور خاص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ، ایران معاہدے کے مراحل فیلڈ مارشل پاکستان کی کاوشوں سے ہی خوش اسلوبی کے ساتھ طے ہوئے ہیں۔ اسی طرح امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی "اسلام آباد مفاہمتی یادداشت" کو تاریخی دستاویز قرار دیتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس معاہدے کے حوالے سے جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ایران پر ہمارا سخت مؤقف نہیں رہا وہ درحقیقت ہمارے ساتھ حسد کرتے ہیں۔ انہوں ایران کے ساتھ جنگ کے معاملہ میں غیر جانبدار رہنے پر چین اور روس کا بھی شکریہ ادا کیا۔ ایران کے صدر پزشکیان نے بھی امریکہ کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کو تاریخی قرار دیا اور اپنے بیان میں کہا کہ امن کی دستاویز درحقیقت ایک طاقتور ایران کا پیغام ہے کہ امن باہمی احترام کے سائے میں حاصل کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے اخلاص اور دانشمندی سے ثالثی کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے جسے ایرانی قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ان کے بقول ایران باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات مزید آگے بڑھانے کا خواہاں ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ امریکہ اور ایران کے صدور کی جانب سے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوتے ہی ایران نے آبنائے ہرمز کھول دی اور گذرنے والے کسی جہاز کو نشانہ نہیں بنایا جبکہ امریکی فوج نے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ختم کر دی۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ امریکہ اور ایران کے درمیان طویل کشیدگی، باہمی عدم اعتماد اور جنگی ماحول کے بعد طے پانے والا تاریخی معاہدہ نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا کے لیے خوش آئند پیش رفت ہے۔ اس معاہدے کے بعد عالمی سطح پر پاکستان کے کردار کو جس انداز میں سراہا جا رہا ہے، وہ ملک کی سفارتی تاریخ کا ایک اہم باب بن چکا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو دنیا بھر سے ملنے والی پذیرائی اس حقیقت کی عکاسی کرتی ہے کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار، معتدل اور امن پسند ریاست کے طور پر عالمی اعتماد حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی جانب سے معاہدے کے فوراً بعد وزیراعظم شہباز شریف سے ٹیلیفونک رابطہ اور پینتیس منٹ طویل گفتگو سے بھی یہی پیغام ملا کہ ایران پاکستان کی کوششوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ایرانی صدر نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کردار کا خصوصی طور پر اعتراف کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا جو پاکستان کی عسکری اور سیاسی قیادت کے درمیان قومی مفادات کے لیے مؤثر ہم آہنگی کی عکاسی کرتا ہے۔ اسی طرح امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خلیجی تنازعہ میں چین اور روس کی متوازن اور غیر جانبدارانہ پالیسی کو سراہا جن کے ساتھ پاکستان اچھے دوستانہ سفارتی مراسم ہیں چنانچہ اس حوالے سے بھی پاکستان کا مدبرانہ کردار واضح ہوا۔

بے شک امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کے مضر اثرات پوری دنیا کی معیشت اور علاقائی امن پر مرتب ہو رہے تھے۔ آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے باعث عالمی تجارت اور تیل کی ترسیل کو سنگین خطرات لاحق تھے۔ معاہدے کے بعد آبنائے ہرمز کا کھل جانا، ایران کی جانب سے جہازوں کو نشانہ نہ بنانا اور امریکی فوج کی جانب سے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ختم کرنا عالمی اقتصادی استحکام کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اس کے نتیجے میں نہ صرف علاقائی تعاون کے لیئے اعتماد بحال ہوگا بلکہ خطے میں سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔

پاکستان کے لیے یہ خوش آئند صورت حال ہے کہ امریکہ ایران معاہدے کو "اسلام آباد مفاہمتی یادداشت" کا ٹائیٹل دیا گیا جس سے یہ حقیقت اجاگر ہوئی کہ پاکستان نے ہمیشہ مذاکرات، مفاہمت اور امن کے راستے کو ترجیح دی ہے اور علاقائی تنازعات کے حل میں تعمیری کردار ادا کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

امن سے ترقی ممکن!



صدر آصف علی زرداری نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے اَمن کے لئے تاریخی سفارتی کردار ادا کیا۔ اُنہوں نے ایران اور امریکہ کے درمیان ہونے والی مفاہمتی یادداشت کو خطے کے لئے اہم پیشرفت قرار دیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ تنازعے سے خطے اور عالمی معیشت کو شدید نقصان پہنچا، جنگ نہیں بلکہ اَمن ہی ترقی کا واحد راستہ ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور عسکری قیادت کی سفارتی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ پاکستان نے بحران کے دوران متوازن اور اصولی کردار ادا کیا، تمام فریق اِس یادداشت پر مکمل عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے حتمی اَمن معاہدے کے لئے کوششیں تیز کریں۔ صدر زرداری نے مزید کہا کہ اسلام آباد معاہدہ پائیدار اَمن کی بنیاد بن سکتا ہے، جنگ شروع کرنے والے نہیں بلکہ اِسے ختم کرنے والے ہیرو ہیں، خطے کی اقوام اب ترقی اور خوشحالی پر توجہ دیں۔ انہوں نے قطر، سعودی عرب، ترکی، مصر، چین اور روس کی کوششوں کا اعتراف بھی کیا۔ اِس حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دنیا کے ہر خطے میں پاکستان کا نام گونج رہا ہے، یہ قوم کے لئے باعثِ فخر لمحہ ہے کیونکہ ایسی عزت اور وقار صدیوں میں نہیں ملتا، اللہ کا شکر ادا کرنا چاہئے، قومی وحدت کے لئے سب ایک ہیں اور ایک رہیں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان نے اَمن معاہدے کی سہولت کاری میں اپنے کردار کے باعث عالمی سطح پر پذیرائی حاصل کی ہے۔ اِس اَمن معاہدے کو ممکن بنانے میں مدد کرنے پر پاکستان کو دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے، یہ کامیابی ملک کی بڑھتی سفارتی حیثیت کی عکاس ہے۔ اُنہوں نے خطے میں اَمن کے قیام کی کوششوں میں کلیدی کردار ادا کرنے پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے علاوہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وزیر داخلہ سید محسن نقوی کی خدمات کا بھی اعتراف کیا۔ اُنہوں نے اپوزیشن جماعتوں سے مطالبہ کیا کہ وہ قومی یکجہتی کا پیغام دینے کے لئے حکومت کا ساتھ دیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اُنہیں ایک روز قبل ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی ٹیلی فون کال موصول ہوئی جس میں اُنہوں نے مشکل وقت میں ایران اور اُس کے عوام کی حمایت کرنے پر پاکستان اور اُس کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ اُنہوں نے ایرانی صدر کو یہ کہہ کر پاکستان کے دورے کی دعوت دی کہ یہاں آمد پر پوری قوم اُن کا گرم جوشی سے استقبال کرے گی۔ اُنہوں نے مزید بتایا کہ ایرانی صدر پزشکیان نے اُنہیں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ میں شرکت کی دعوت دی۔ وزیراعظم نے اَمن اقدام کی حمایت کرنے پر ایران، امریکہ، قطر، سعودی عرب، ترکیہ اور چین کے کردار کا اعتراف کیا اور کہا کہ مفاہمتی یادداشت کے بعد پاکستان اور ایران خوشحالی، اقتصادی تعاون اور مضبوط دوطرفہ تعلقات کے نئے دور میں داخل ہوں گے۔ اِس بات میں کوئی دو آراء نہیں کہ دنیا بھر میں پاکستان کی سفارتکاری کی پذیرائی ہو رہی ہے، حالیہ سفارت کاری کا محور یہی تھا کہ تنازعات جنگوں کے ذریعے نہیں بلکہ مذاکرات کی میز پر حل کیے جانا چاہئیں، اَمن ہوگا تو ہی اقوامِ عالم ترقی کا سفر طے کر سکتی ہیں۔ امریکہ ایران جنگ کے باعث آبنائے ہُرمز کی بندش نے دنیا بھر کی معیشتوں کو ہلا کر رکھ دیا، تیل کی ہوشربا قیمتوں کی وجہ سے کئی ممالک کے سالانہ پیداواری اہداف میں کمی آئی۔ مفاہمتی یادداشت کے بعد تیل کی عالمی قیمتوں میں کمی آنا شروع ہو چکی ہے، پاکستان نے گذشتہ روز پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مناسب کمی کی جس سے عوام پر بڑا بے جا بوجھ کسی حد تک کم ہونے کا امکان ہے۔ پاکستان کو اب تیزی سے معاشی معاملات میں سدھار لانا ہے، ایرانی تیل اور گیس سمیت ہر طرح کی تجارت میں بہتری کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام ہونا چاہئے تاکہ ایران سے پابندیاں اُٹھتے ہی سستا تیل اور گیس لی جا سکے۔ جمعرات کو ایک ایرانی وفد نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کا دورہ کیا جہاں اُس نے پاکستان میں ایل پی جی سٹوریجز اور سرمایہ کاری کے لئے ایک معاہدے پر دستخط کیے۔ ایف پی سی سی آئی کے مطابق دو ماہ کے دوران ایران کا یہ دوسرا بڑا تجارتی وفد کراچی میں ایف پی سی سی آئی پہنچا، اِس کا یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ پاکستان نے جنگ بندی کے بعد ایران کے ساتھ بڑے پیمانے پر تجارت شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، دونوں ممالک کے درمیان تجارت 10 ارب ڈالر تک جانی چاہیئے۔

کامیابی کا فارمولا

کامیابی کا فارمولا اللہ کے نظام میں پوشیدہ ہے۔ جسے جاننے اور سمجھنے کے لئے اللہ کا پیغام سمجھنا لازمی امر ہے۔ جس میں دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اللہ کے نظام کی باریک بینی سے احاطہ اور ادراک کے لئے تلاش کا جزبہ چاہیئے۔ نماز پڑھنے اور نماز قائم کرنے میں بڑی باریکی ہے۔ نماز برائی سے روکتی ہے۔ ایک شخص پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہے۔ اسکے باوجود رشوت لے رہا ہے۔ جھوٹ بول رہا ہے۔ کاروبار میں وقتی فائدے کے لئے غلط بیانی کر رہا ہے۔ اپنا کاروباری ہدف حاصل کرنے کے لئے خامیوں، نقصان کے خدشات پر پردہ ڈال کر صرف اسکی خوبیاں اور فائدے کا رخ بتاتا ہے۔ ایسا شخص نماز پڑھ رہا ہے۔ قرآن میں بار بار نماز قائم کرنے کی بات کی گئی ہے۔ اگر نماز پڑھنے کے ساتھ ساتھ وہ رشوت نہیں لیتا۔ کسی کی حق تلفی نہیں کرتا۔ محنت اور ایمانداری سے کاروبار کرتا ہے۔ جھوٹ نہیں بولتا۔ سمجھ لیں کہ اسکی نماز قائم ہو رہی ہے۔ بصورت دیگر وہ نماز پڑھ تو رہا ہے لیکن اسکی نماز قائم نہیں ہو رہی۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے کامیابی کا فارمولا ایک آیت مبارکہ میں واضح کر دیا ہے۔ اس آیت مبارکہ کو تین حصوں میں بیان کیا گیا ہے۔ جس کا ترجمہ اور مفہوم کچھ اس طرح ہے۔ آیت مبارکہ کے پہلے حصے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں"" اے انسان تو کیا چاہتا ہے"" " اس حصے میں مکمل انصاف کی پاسداری نظر آتی ہے۔ اللہ نے یہ نہیں کہا کہ اے مسلمان، اے ہندو، اے سکھ، اے عیسائی، اے عورت، اے مرد، اے امیر، اے غریب تو کیا چاہتا ہے۔ نہ اس میں کسی خاندان کا ذکر ہے نہ فرقے کا، نہ امیری غریبی کا۔ اسکا مطلب ہے اللہ کا نظام تمام عالم انسانی کے لئے ایک ہی ہے۔ اس آیت مبارکہ میں قوت فیصلہ کو کامیابی کی بنیاد بنایا گیا ہے۔ آیت مبارکہ کے دوسرے حصے میں کہا گیا ہے"" میں دوں گا"" اس دوسرے حصے اللہ رب العزت خالق مالک رازق فرما رہے ہیں۔ جو انسان فیصلہ کرے میں اسے دوں گا۔ یعنی ایمان کی بات کی گئی ہے کہ اللہ کے علاوہ کسی کو کوئی کچھ نہیں دے سکتا۔ یعنی ایمان ہو کہ صرف اللہ ہی دے سکتا ہے۔ آیت مبارکہ کے تیسرے حصے میں شرط عائد کی گئی ہے کہ"" تو اسکے لیے کوشش کر"" اس اللہ تعالیٰ کیطرف سے کامیابی کے فارمولے کو آسان طریقے اور الفاظ میں سمجھا جائے تو یوں ہوگا۔ قوت فیصلہ، ایمان اور کوشش۔

میں نے اپنی ذاتی زندگی میں عملی طور پر اس کامیابی کے فارمولے کو سو فیصد درست پایا۔ ایک دوسرے زاویے سے دیکھا جائے تو انسان اپنی زندگی میں ہمیشہ بہتر سے بہتر اور ترقی اور مقام کے لئے لگا رہتا ہے۔ ایک مزدور سے مالک فیکٹری تک اور ایک چپڑاسی سے لے کر وزیراعظم تک ہر انسان دنیاوی کامیابی کے لیے سوچتا اور جدوجہد کرتا رہتا ہے۔ لیکن اللہ کا ایک پیغام قرآن کیصورت میں ہماری طرف آیا اسکو سمجھنے کے لئے کوشش نہیں کرتا۔ فرض کر لیا جائے ایک سپارہ ایک گھنٹے میں پڑھ لیا جائے۔ تو ترجمہ کے ساتھ وہی ایک سپارہ دو گھنٹے میں پڑھا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ترجمہ سے قرآن کریم 60 گھنٹے میں پڑھا جا سکتا ہے۔ لیکن ہمارے پاس زندگی میں وہ 60 گھنٹے نہیں ہیں۔ کیونکہ ہم بہت مصروف ہیں۔ اسی کو مزید تقسیم کیا جائے تو ایک دن میں چوبیس گھنٹے میں سے روزانہ 15 منٹ قرآن مجید کو ترجمہ سے پڑھا اور سمجھا جائے تو 240 دن میں قرآن مجید ترجمہ کے ساتھ مکمل ہو جائے گا۔ لیکن ہمارے پاس ایک دن میں وہ 15 منٹ نہیں۔ کیونکہ ہم بہت مصروف ہیں۔ دنیا میں کامیابی اور ترقی کے اہداف حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ کے نظام سے روشنی لی جائے۔ تو دنیا اور آخرت کی کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اللہ کے نظام سے روشنی حاصل کرنے کے بہت سی نشانیاں ہیں۔ لیکن ہم فکر و عمل نہیں کرتے۔ فکر و عمل کے حوالے سے ایک اور بات سمجھنا ضروری ہے۔ جب کسی چیز کی فکر کی جائے اور اس پر عمل کیا جائے تو اسکا وجود پیدا ہو جاتا ہے۔

اللہ کے نظام سے روشنی لینے کی روزمرہ زندگی کی کچھ مثالیں آپکے کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ جیسے جب سے دنیا بنی ہے سورج روز مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں غروب ہو جاتا ہے۔ یہ اللہ کے نظام کا خاموش پیغام ہے جو انسان کو سمجھانا چاہتا ہے کہ اللہ کے نظام میں مستقل مزاجی ہے۔ جو انسان مستقبل مزاجی کو اپنی ذات کا حصہ بنا لے تو کامیابی کا سفر شروع ہو جاتا ہے۔ دوسرا نماز میں بھی اللہ کے نظام کا خاص پیغام پوشیدہ ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں دفاتر، کاروباری مراکز، نجی اور سرکاری ملازمتوں میں اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔ بعض جگہ ہفتہ اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔ ہم تصور کر لیتے ہیں اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ اتوار کی چھٹی ہے فجر کی نماز پڑھنے کی بجائے لمبی تان کر سو جاو۔ ایسا نہیں ہے نماز کسی روز میں نہ معاف ہے نہ چھٹی ہے۔ اس سے روشنی یہ ملتی ہے کہ اللہ انسان کو متحرک رکھنا چاہتا ہے۔ اللہ کے نظام سے متحرک رہنے کی روشنی انسان اپنی ذات کا حصہ بنا لے تو وہ مستقبل مزاجی کیساتھ متحرک بھی رہتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی بے شمار نشانیاں ہیں۔ جسے کسی اور کالم میں قارئین کی خدمت میں پیش کروں گا۔ آخر میں اتنا ہی کہنا بہت سمجھتا ہوں کہ اللہ کے نظام میں کامیابی کا فارمولا موجود ہے۔ جس سے روشنی لے کر اپنی ذات کا حصہ بنا لیا جائے تو دنیا اور آخرت کی کامیابی یقینی ہے۔ انسان اللہ کے نظام سے لی گئی روشنی کو اپنی ذات کا حصہ بنا لے اور اللہ کے سامنے جوابدہی کو اپنے اوپر لاگو کر لے تو ناکامی کا دور دور تک سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو آمین

ماہ محرم دلخراش سانحے واقعہ کربلا کی یاد دلاتا ہے

محرم الحرام ہجری کیلنڈر کا پہلا مہینہ ہے اور یہ ان چار مہینوں میں سے ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے "اشھر حرم" یعنی حرمت والے مہینے قرار دیا ہے اور ان چار مہینوں (ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب) کو دیگر مہینوں پر فضیلت دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک انتہائی عظمت و حرمت والا مہینہ ہے۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّم نے اس ماہ کو "شہر اللہ" یعنی اللہ کا مہینہ قرار دیا ہے۔ جو اس کی عظمت اور خاص رحمت کی دلیل ہے۔

محرم الحرام کے معنی "عظمت والا مہینہ" اور اس کو یہ اسلیے دیا گیا ہے۔ کیوں کہ اس میں عربی زبان کے لفظ "حرمت" (عزت اور احترام) کی وجہ سے جنگ وجدل ممنوع ہوتے ہیں۔ حرام کے لغوی معنی قابل احترام ہیں اس کی حرمت و عظمت پر زور دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اور اس میں کی گئی عبادات کی فضیلت اور گناہوں سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے۔

محرم الحرام محض ایک کیلنڈر کا مہینہ نہیں بلکہ یہ صبر، قربانی، تقویٰ اور روحانی بیداری کا استعارہ ہے۔ اس مہینے میں روزے رکھنے کثرت سے نوافل ادا کرنے اور گناہوں سے بچنے کا خصوص حکم اور ثواب ہے۔

لہٰذا ہر مسلمان کو چاہے کہ محرم الحرام کے مہینے میں اللہ تعالیٰ کی زیادہ سے زیادہ عبادت کریں اور گناہوں سے بچنے کا پورا اہتمام کریں۔

محرم کے روزے رمضان کے بعد سب سے افضل قرار دیئے گئے ہیں سب سے اہم دس محرم کا روزہ ہے۔ یہودی قوم کی مشابہت سے بچنے کیلئے ہدایت کی گئی ہے کہ عاشورہ کے ساتھ 9 محرم یا 11 محرم کا بھی روزہ رکھا جائے۔

محرم کا مہینہ تاریخ اسلام کے سب سے بڑے اور دلخراش سانحے یعنی واقعہ کربلا کی یاد دلاتا ہے۔ جہاں تاریخ اسلام کی سب سے بڑی توہین رسالت میدان کربلا میں ہوئی اس گلے کو مسلمانوں نے کاٹا جسکو نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ والہٖ وَسَلَّم چوما کرتے تھے۔ 10 محرم 61 ہجری کو نواسہ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّم جگر گوشہ بتول حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے اہل خانہ نے میدان کربلا میں باطل کے سامنے ڈٹ کر عظیم قربانی دی۔ اپ نے ظلم و جبر کے نظام کے آگے جھکنے کے بجائے اپنی جان قربان کر دی مگر دین اسلام کے اصولوں پر آنچ نہ آنے دی۔ یہ واقعہ مسلمانوں کو صبر استقامت، حق و صداقت اور مظلومیت کا درس دیتا ہے۔

※※ کیا تعریف کروں حسین تیری ذات کی
※※ صبر بھی رو پڑا جب کربلا کی رات تھی

میدان کربلا میں دی گئی یہ لازوال قربانی انسانیت کو یہ سکھاتی ہے کہ کتنا ہی کوئی طاقتور کیوں نہ ہو، سچائی اور حق پرستی کی راہ میں ڈٹے رہنا ہی اصل کامیابی ہے۔ امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا بنیادی فلسفہ حق اور باطل کے درمیان فرق واضح کرنا تھا۔ آپ نے ظلم۔ جبر اور نہ انصافی کے سامنے جھکنے کے بجائے اصول کی خاطر ڈٹ جانے کا درس ہے۔ اللہ پاک ہمیں حضرت امام حسین علیہ السلام کی عظیم قربانی کے اصل فلسفے کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

میدان کربلا میں دی گئی یہ لازوال قربانی انسانیت کو یہ سکھاتی ہے کہ کتنا ہی کوئی طاقتور کیوں نہ ہو، سچائی اور حق پرستی کی راہ میں ڈٹے رہنا ہی اصل کامیابی ہے۔ امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا بنیادی فلسفہ حق اور باطل کے درمیان فرق واضح کرنا تھا۔ آپ نے ظلم۔ جبر اور نہ انصافی کے سامنے جھکنے کے بجائے اصول کی خاطر ڈٹ جانے کا درس ہے۔ اللہ پاک ہمیں حضرت امام حسین علیہ السلام کی عظیم قربانی کے اصل فلسفے کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

فرمودات قائد



پاکستان مسلمانوں کے اتحاد کا مظہر ہے اور اسے ایسا ہی رہنا چاہیے۔ سچے مسلمانوں کی حیثیت سے آپکا فرض ہے کہ دل و جان سے اسکی پاسبانی اور حفاظت کریں۔

(جلسہ عام ڈھاکہ 28 مارچ 1948ء)

خصوصی اشاعت

شہر نامہ SHEHAR NAMA

تحریر: انجینئر عطاء الرحمٰن

جدید زرعی ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل زراعت

کسان کی ترقی، زیادہ پیداوار اور کم لاگت کا راستہ

مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) مستقبل کی زراعت میں مرکزی کردار ادا کرنے جا رہی ہے، روایتی مہارت کو جدید ٹیکنالوجی اور سائنسی معلومات کے ساتھ جوڑ دیا جائے تو زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ ممکن ہے، جدید زرعی ٹیکنالوجی کو اپنانا اب ایک انتخاب نہیں بلکہ وقت کی ضرورت بن چکا ہے

پاکستان کی معیشت میں زراعت ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ ملک کی بڑی آبادی کا روزگار اس شعبے سے وابستہ ہے جبکہ غذائی تحفظ، دیہی ترقی، صنعتی خام مال اور برآمدات کا ایک اہم حصہ بھی زراعت پر منحصر ہے۔ تاہم گزشتہ چند دہائیوں میں زرعی شعبے کو ایسے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا ہے جنہوں نے روایتی کاشتکاری کے طریقوں کی افادیت کو محدود کر دیا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی، پانی کی کمی، زمین کی زرخیزی میں بتدریج کمی، زرعی مداخل کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، مزدوروں کی دستیابی میں مسائل اور فصلوں کو لاحق بیماریوں اور کیڑوں کے بڑھتے ہوئے خطرات کسانوں کے لیے نئی مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔ ایسے حالات میں زراعت کو صرف محنت کے بجائے علم، معلومات اور جدید ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے۔ دنیا بھر میں زراعت تیزی سے ڈیجیٹل دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں سیٹلائٹ ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، ریموٹ سینسنگ، جغرافیائی معلوماتی نظام، موسمیاتی ماڈلز اور موبائل ایپلی کیشنز کے ذریعے کسانوں کو حقیقی وقت کی معلومات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ان معلومات کی مدد سے کسان اپنی فصلوں اور وسائل کا بہتر انتظام کر سکتے ہیں، غیر ضروری اخراجات کم کر سکتے ہیں اور زیادہ منافع حاصل کر سکتے ہیں۔ کاشتکاری بنیادی طور پر ایک ایسا عمل ہے جس میں ہر مرحلے پر درست فیصلہ انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ زمین کی تیاری، بیج کے انتخاب، بوائی کے وقت، آبپاشی، کھادوں کے استعمال، بیماریوں کے کنٹرول اور فصل کی کٹائی تک ہر قدم پیداوار پر براہِ راست اثر انداز ہوتا ہے۔ ماضی میں یہ فیصلے زیادہ تر تجربے اور مشاہدے کی بنیاد پر کیے جاتے تھے، لیکن آج موسمی حالات کی غیر یقینی صورتحال اور بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت کے باعث صرف اندازوں پر انحصار کرنا خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ جدید زراعت میں کامیابی کا انحصار اس بات پر ہے کہ کسان کے پاس اپنی فصل اور زمین سے متعلق کتنی درست اور بروقت معلومات موجود ہیں۔

ڈیجیٹل زراعت اسی ضرورت کا جواب ہے۔ یہ ایک ایسا نظام ہے جس میں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فصلوں، زمین، پانی اور موسم کی مسلسل نگرانی کی جاتی ہے۔ سیٹلائٹ تصاویر فصلوں کی نشوونما کا جائزہ لیتی ہیں، موسمیاتی ڈیٹا آنے والے خطرات کی پیشگی اطلاع دیتا ہے، جبکہ مصنوعی ذہانت حاصل شدہ معلومات کا تجزیہ کر کے قابلِ عمل سفارشات تیار کرتی ہے۔ اس طرح کسان کو معلوم ہوتا ہے کہ اس کی فصل کس حالت میں ہے، کون سے حصے بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں اور کن علاقوں میں فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں لینڈ انفارمیشن اینڈ مینجمنٹ سسٹم (LIMS) جیسے جدید پلیٹ فارمز اسی تصور کو عملی شکل دے رہے ہیں۔ یہ نظام سیٹلائٹ ڈیٹا، موسمی معلومات اور زمینی مشاہدات کو یکجا کر کے فصلوں کی نگرانی کرتا ہے اور کسانوں کو بروقت رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ ایسے پلیٹ فارمز کی بدولت کسان اپنی فصل کی صحت، پانی کی ضرورت، غذائی کیفیت اور ممکنہ خطرات کے بارے میں بہتر آگاہی حاصل کر سکتا ہے۔ اس معلومات کی بنیاد پر کیے گئے فیصلے عموماً زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں اور پیداوار میں بہتری کا باعث بنتے ہیں۔ پاکستانی زراعت میں ایک اہم مسئلہ وسائل کا غیر متوازن استعمال ہے۔ بہت سے کسان یہ سمجھتے ہیں کہ زیادہ کھاد یا زیادہ پانی استعمال کرنے سے لازماً زیادہ پیداوار حاصل ہوگی، حالانکہ جدید زرعی تحقیق اس تصور کی تائید نہیں کرتی۔ فصل کو درکار مقدار سے زیادہ کھاد دینا نہ صرف اخراجات بڑھاتا ہے بلکہ بعض صورتوں میں پیداوار کو بھی متاثر کرتا ہے۔ خاص طور پر نائٹروجن کھاد کا غیر ضروری استعمال پودوں کی غیر متوازن نشوونما کا سبب بنتا ہے۔ پودے بظاہر زیادہ سبز نظر آتے ہیں لیکن ان کی جڑیں اور تنا نسبتاً کمزور ہو جاتے ہیں، جس سے فصل گرنے اور بیماریوں کا شکار ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

اسی طرح کھادوں کا غیر متوازن استعمال مٹی کی صحت کو بھی متاثر کرتا ہے۔ مسلسل اور غیر سائنسی استعمال سے مٹی میں غذائی اجزاء کا توازن بگڑ جاتا ہے جس کے نتیجے میں طویل المدتی پیداوار متاثر ہو سکتی ہے۔ جدید ڈیجیٹل نظام فصل اور زمین کی ضروریات کا تجزیہ کر کے کسان کو متوازن کھاد کے استعمال کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ اس سے نہ صرف اخراجات کم ہوتے ہیں بلکہ زمین کی زرخیزی بھی برقرار رہتی ہے۔ پانی کا مؤثر استعمال بھی جدید زراعت کا ایک بنیادی ستون ہے۔ پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جہاں پانی کے وسائل پر مسلسل دباؤ بڑھ رہا ہے۔ آبادی میں اضافہ، موسمیاتی تبدیلی اور زیرِ زمین پانی کے بے تحاشا استعمال نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ اس کے باوجود روایتی طریقوں کے تحت اکثر فصلوں کو ضرورت سے زیادہ پانی دیا جاتا ہے۔ اضافی آبپاشی سے نہ صرف پانی ضائع ہوتا ہے بلکہ کھادوں کے قیمتی اجزاء بھی زمین سے بہہ جاتے ہیں، جس سے پیداوار اور مٹی دونوں متاثر ہوتے ہیں۔

جدید زرعی ٹیکنالوجی اس مسئلے کا مؤثر حل پیش کرتی ہے۔ سیٹلائٹ ڈیٹا اور موسمیاتی معلومات کی مدد سے فصل کی اصل پانی کی ضرورت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس سے کسان آبپاشی کا بہتر شیڈول بنا سکتا ہے، پانی کی بچت کر سکتا ہے اور فصل کو مطلوبہ نمی فراہم کر سکتا ہے۔ ایسے اقدامات نہ صرف پیداوار میں بہتری لاتے ہیں بلکہ پانی جیسے قیمتی قومی وسائل کے تحفظ میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی زرعی شعبے کے لیے ایک اور بڑا چیلنج بن چکی ہے۔ شدید گرمی کی لہریں، غیر متوقع بارشیں، خشک سالی، ژالہ باری اور سیلابی صورتحال اب پہلے سے زیادہ عام ہو چکی ہیں۔ ان حالات میں موسمی معلومات کی بروقت دستیابی کسان کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ جدید موسمیاتی نظام کسانوں کو چند دن پہلے ممکنہ موسمی خطرات کے بارے میں آگاہ کر سکتے ہیں، جس سے وہ مناسب حفاظتی اقدامات اختیار کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر شدید بارش یا ژالہ باری کی پیشگوئی ہو تو کسان کھادوں یا زرعی ادویات کے استعمال کو مؤخر کر سکتا ہے اور ممکنہ مالی نقصان سے بچ سکتا ہے۔ فصلوں کی بیماریوں اور کیڑوں کا بروقت تدارک بھی پیداوار میں اضافے کے لیے ضروری ہے۔ اکثر کسان بیماری کی واضح علامات ظاہر ہونے کے بعد کارروائی کرتے ہیں، جبکہ اس وقت تک نقصان کافی حد تک ہو چکا ہوتا ہے۔ جدید ڈیجیٹل نگرانی کے نظام فصل میں پیدا ہونے والی غیر معمولی تبدیلیوں کو ابتدائی مرحلے میں شناخت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس طرح کسان مسئلہ سنگین ہونے سے پہلے حفاظتی اقدامات اختیار کر سکتا ہے، جس سے ادویات کے استعمال اور مالی نقصان دونوں میں کمی آتی ہے۔

مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) مستقبل کی زراعت میں مرکزی کردار ادا کرنے جا رہی ہے۔ مصنوعی ذہانت مختلف ذرائع سے حاصل ہونے والے بڑے پیمانے کے ڈیٹا کا تجزیہ کر کے ایسے رجحانات اور معلومات سامنے لاتی ہے جو انسانی مشاہدے سے فوری طور پر ظاہر نہیں ہوتیں۔ اس کی مدد سے فصلوں کی صحت، متوقع پیداوار، بیماریوں کے خطرات اور وسائل کی ضروریات کا بہتر اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ مستقبل قریب میں مصنوعی ذہانت کسانوں کو زیادہ ذاتی نوعیت کی سفارشات فراہم کرے گی، جس سے زرعی انتظام مزید مؤثر ہو جائے گا۔ جدید زراعت کا اصل مقصد صرف زیادہ پیداوار حاصل کرنا نہیں بلکہ زیادہ منافع کمانا ہے۔ اگر کوئی کسان پیداوار میں معمولی اضافے کے لیے کھاد، پانی یا ادویات پر غیر ضروری اخراجات کرتا ہے تو اس کا منافع کم ہو سکتا ہے۔ اس کے برعکس اگر وہ درست وقت پر درست مقدار میں وسائل استعمال کرے تو کم لاگت کے ساتھ بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ یہی اصول دنیا بھر میں پریسیژن ایگریکلچر یا درست زرعی انتظام کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں کسان برسوں سے ڈیٹا پر مبنی زرعی نظام استعمال کر رہے ہیں۔ وہاں سیٹلائٹ تصاویر، خودکار سینسرز، موسمیاتی ماڈلز اور مصنوعی ذہانت پر مبنی فیصلے روزمرہ زرعی سرگرمیوں کا حصہ بن چکے ہیں۔ پاکستان میں بھی ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور موبائل فون کے بڑھتے ہوئے استعمال نے اس تبدیلی کے لیے سازگار ماحول پیدا کر دیا ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ کسانوں کو جدید زرعی معلومات تک آسان رسائی فراہم کی جائے اور انہیں نئی ٹیکنالوجیز کے استعمال کی تربیت دی جائے۔

پاکستانی کسان اپنی محنت، تجربے اور زمین سے وابستگی کے باعث ہمیشہ زرعی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ اگر ان کی روایتی مہارت کو جدید ٹیکنالوجی اور سائنسی معلومات کے ساتھ جوڑ دیا جائے تو زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ جدید زرعی پلیٹ فارمز کسانوں کو صرف معلومات ہی فراہم نہیں کرتے بلکہ انہیں زیادہ پائیدار، منافع بخش اور ماحول دوست کاشتکاری کی طرف بھی لے جاتے ہیں۔ آج کا دور سمارٹ فارمنگ کا دور ہے۔ دنیا بھر میں زرعی ترقی کا انحصار ڈیٹا، ٹیکنالوجی اور درست فیصلہ سازی پر ہے۔ پاکستان کے لیے بھی یہی راستہ مستقبل کی غذائی ضروریات پوری کرنے، پانی اور زمین جیسے وسائل کے تحفظ اور کسانوں کی آمدنی میں اضافے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ جدید زرعی ٹیکنالوجی کو اپنانا اب ایک انتخاب نہیں بلکہ وقت کی ضرورت بن چکا ہے۔ جو کسان علم اور ٹیکنالوجی کے ساتھ آگے بڑھے گا، وہی آنے والے دور میں زیادہ پیداوار، کم لاگت اور بہتر منافع حاصل کرنے میں کامیاب ہوگا۔



بقیہ نمبر 1
مقبولیت کا دارومدار اٹلی کے مفادات کے دفاع کے لیے میری صلاحیت پر ہے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تنقید کے جواب میں اطالوی وزیر اعظم جارجیا میلونی کا ردعمل بھی سامنے آ گیا۔اطالوی وزیر اعظم نے ایک بیان میں کہا کہ میں نے ہمیشہ اٹلی کے مفادات کا دفاع کیا ہے، اٹلی میں امریکی اڈوں کے استعمال کے معاہدوں کا احترام کرتے آئے ہیں، جب تک وزیر اعظم ہوں معاہدوں کی خلاف ورزی نہیں کی جاسکتی۔میلونی نے امریکی صدر کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ میری مقبولیت آپ کا مسئلہ نہیں، میرا مشورہ ہے آپ اپنی مقبولیت پر توجہ دیں۔

بقیہ نمبر 2
اسلام آباد قاضی علی رضا نے کی، جبکہ اے ڈی سی جی صاحبزادہ محمد یوسف، اسلام آباد پولیس کے افسران وجوانوں اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے بھی اس میں شرکت کی، فلیگ مارچ پاکستان سپورٹس کمپلیکس سے شروع ہوا اور شہر کے مختلف اہم شاہراہوں اور مرکزی علاقوں سے گزرتا ہوا دوبارہ پاکستان سپورٹس کمپلیکس میں اختتام پذیر ہوا، فلیگ مارچ کا مقصد محرم الحرام کے دوران امن واتحاد کے فروغ کیلئے اسلام آباد پولیس کے غیر متزلزل عزم کا اظہار اور شہریوں میں احساس تحفظ کو مزید مضبوط بنانا تھا، اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران منعقد ہونے والی تمام مجالس اور جلوسوں کی سکیورٹی کیلئے جامع اور فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں، پولیس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ فرائض انجام دے رہے ہیں تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے موثر انداز میں نمٹا جا سکے، انہوں نے تمام منتظمین، علماء کرام اور شہریوں پر زور دیا کہ محرم الحرام کے حوالے سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق اور ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تا کہ پرامن ماحول برقرار رکھا جا سکے، ایس ایس پی آپریشنز نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی خصوصی نگرانی کی جارہی ہے اور مذہبی یا فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے، اشتعال انگیز مواد شیئر کرنے یا امن عامہ کو متاثر کرنے کی کوشش کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی فرد یا گروہ کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں قانون فوری طور پر حرکت میں آئے گا، آخر میں ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے اسلام آباد کے امن پسند شہریوں سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام اور بین المذاہب وبین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کیلئے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں تا کہ دارالحکومت میں امن، بھائی چارے اور رواداری کی فضاء برقرار رکھی جاسکے۔

بقیہ نمبر 3
دم توڑ چکی تھی جب مریضہ کو غازی سی ایم ایچ منتقل کیا گیا تو وہاں ڈاکٹروں نے بتایا کہ یہ کافی دیر پہلے انتقال کر چکی ہے۔متوفیہ کے اہل خانہ نے الزام عائد کیا ہے کہ ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر اور طبی عملے نے غفلت کا مظاہرہ کیا، جس کے نتیجے میں یہ افسوسناک سانحہ پیش آیا۔ واقعے کے بعد لواحقین اور مقامی افراد نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔سابق چیئرمین ملک نیاز محمد کی نے کہا کہ ان کی اہلیہ کی موت ڈاکٹروں کی غفلت کے باعث ہوئی لواحقین نے وزیر اعظم۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا۔وفاقی وزیر صحت ۔صوبائی حکومت اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف انکوائری کر کے ذمہ داروں کو قرار واقعی سزادی جائے۔

بقیہ نمبر 4
عمارت کا آدھا حصہ متاثر ہوا۔فائر بریگیڈ حکام نے کہا کہ عملے نے آتشزدگی کے دوران ایک منزلہ عمارت سے 3 افراد کو ریسکیو کر لیا گیا۔ ریسکیو کیے جانے والے افراد کو ابتدائی طبی امداد مہیا کی جارہی ہے۔لندن فائر بریگیڈ حکام نے کہا کہ آگ کیسے لگی اس حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔لندن پولیس کے مطابق واقعہ میں ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 5
کی یہ قربانی حق و باطل کے مابین معرکہ تھا اور اسی پاک گھرانے کی قربانی کے صدقے نا صرف دین اور مسلمان بچے بلکہ تمام اسلامی تعلیمات، احادیث مبارکہ صحیح ومحفوظ حالت میں امت تک پہنچے ۔ ہمارے لئے اہل بیت اطہار علیہ السلام کی محبت و مودت لازم ہے۔ حضرت امام عالیمقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قربانی یہ درس دیتی ہے کہ حق وصداقت کے راستے میں آنے والی تمام مشکلات عارضی اور اس پر قائم رہنے والوں کے لئے حیات ابدی اور لازوال عزت ہے۔ آج بھی امت مسلمہ اسی حسینیؑ جذبے کو اختیار کرلے تو تمام شیطانی وطاغوتی قوتیں نیست ونابود ہوجائیں گی اور امت مسلمہ اقوام عالم میں اپنا کھویا ہوا وقار دوبارہ حاصل کر لے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کے روز عیدگاہ شریف میں منعقدہ ہفتہ وار درس حدیث پاک کی محفل سے خطاب کے دوران کیا۔ محفل کے اختتام پر پیر محمد نقیب الرحمن نے وطن عزیز کی سلامتی، خوشحالی، ترقی، افواج پاکستان کی سربلندی، اتحاد بین المسلمین اور کشمیر وفلسطین کے مظلوم مسلمانوں کی ظلم وبربریت سے نجات اور آبادکاری کے لیے خصوصی دعا کی

بقیہ نمبر 6
یونین کونسل کلیانہ میں 23 جون بروز منگل لگایا جائے گا کیمپ کا دورانیہ صبح نو بجے سے دو بجے تک ہوگا فری معائنہ فری نظر کی عینک فری ادویات اور فری آپریشن کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ الشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال کے ماہر ڈاکٹرز بلیڈی ڈاکٹرز چیک اپ اور آپریشن کریں گے

بقیہ نمبر 7
اس کے مثبت اثرات روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ، ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور دیگر معمولات کی قیمتوں پر بھی نظر آنے چاہییں، مگر افسوس کہ بعض عناصر مہنگائی برقرار رکھ کر عوام کا استحصال کر رہے ہیں۔راجہ ساجد محمود عباسی نے ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ وہ مارکیٹوں میں قیمتوں کی سخت نگرانی کریں، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائیں تا کہ حکومت کی جانب سے دی جانے والی معاشی سہولتوں کا حقیقی فائدہ عام شہریوں تک پہنچ سکے۔انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے اور مہنگائی کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ انتظامیہ عوامی مفاد میں فعال کردار ادا کرتے ہوئے قیمتوں میں کمی کے ثمرات ہر شہری تک پہنچانے کو یقینی بنائے گی۔

بقیہ نمبر 8
ایک اٹل حقیقت ہے ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے ان خیالات کا اظہار علامہ پیر قاضی قمر الدین چشتی دربار عالیہ بڑی شریف میں گاؤں اڈیالہ میں سماجی شخصیت چیئرمین سادات برادری سید وقار حسین شاہ کاظمی، سید زاہد حسین شاہ کاظمی کے بھائی اور سید حسن شاہ کاظمی کے والد سید زرین حسین شاہ کاظمی کی محفل چہلم سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور ہدیہ نعت شہزاد برادران اور محسن قریشی نظامی نے پیش کی۔ محفل چہلم میں سابق ممبر ضلع کونسل الحاج ملک افتخار احمد، سابق چیئرمین راجہ ارشد، ملک عمران گستاسپ، محمد بشیر راجہ، چوہدری مظہر حمید، سید شاہد عباس کاظمی ودیگر سیاسی سماجی مذہبی صحافی اور سادات برادری سمیت معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی ۔مرحوم کے لیے دعائے مغفرت بلندی درجات اور ملک وقوم کی سلامتی امن وامان کی خصوصی دعا پیر قاضی قمر الدین چشتی نے فرمائی

بقیہ نمبر 9
سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) سے ملاقات کی، جس میں سرمایہ کاری کے فروغ، مالیاتی تعاون کے فروغ اور نئی مالیاتی مصنوعات متعارف کرانے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں چینی شراکت داروں نے پاکستان کی مالیاتی منڈیوں میں اپنی طویل المدتی سرمایہ کاری مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا، جبکہ چین کی سنٹرل ڈپازٹری کمپنی اور پاکستان کی نیشنل کلیئرنگ کمپنی نے بھی اپنی شیئر ہولڈنگ میں اضافے کے لیے مزید سرمایہ کاری پر آمادگی ظاہر کی۔

بقیہ نمبر 10
یوسف سلطانی، جوائنٹ سیکریٹری حسنین جعفری، فنانس سیکریٹری فرحان سومرو سمیت گورننگ باڈی کے اراکین رشید چانڈیو، قاسم ریکس، وسیم ستار، ذوالفقار، عادل توقیر، عبدالعظیم اور بلال حیدر نیازی کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔سید امتیاز الحق بخاری نے کہا کہ کیمرہ جرنلسٹس میڈیا انڈسٹری کا اہم ستون ہیں جو ہر قسم کے حالات میں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے عوام تک حقائق پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بخاری گروپ آف کمپنیز ویڈیو جرنلسٹس کی فلاح و بہبود، ان کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کرنے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون اور حمایت جاری رکھے گا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب قیادت صحافی برادری بالخصوص کیمرہ جرنلسٹس کے مسائل کے حل، پیشہ ورانہ ترقی اور فلاحی اقدامات کے فروغ کے لیے موثر کردار ادا کرے گی۔ایسوسی ایشن آف کیمرہ جرنلسٹس کے انتخابات میں پیٹرن انچیف سید امتیاز الحق بخاری شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں، نو منتخب صدر دانش شکیل بھی موجود ہیں ایسوسی ایشن آف کیمرہ جرنلسٹس کے انتخابات میں پیٹرن انچیف سید امتیاز الحق بخاری، سیکرٹری کراچی پریس کلب اسلم خان و دیگر کا کامیاب عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو

بقیہ نمبر 11
سلسلے میں وفاقی دارالحکومت کی مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کیا، دورے کے دوران انہوں نے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور امام بارگاہوں کے منتظمین سے ملاقات کی، اس موقع پر محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، فول پروف سکیورٹی انتظامات، جلوسوں اور مجالس کے پرامن انعقاد اور باہمی تعاون کے فروغ کے حوالے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ڈی آئی جی اسلام آباد اور ایس ایس پی آپریشنز نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سکیورٹی کے تمام انتظامات کو مزید موثر بنایا جائے، منتظمین کے ساتھ قریبی رابطہ رکھا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مکمل تیاری یقینی بنائی جائے، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد پولیس محرم الحرام کے دوران شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور امن وامان کے قیام کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی۔

بقیہ نمبر 12
عمل کرنے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ حکام کے مطابق کشمیر چوک اسمارٹ انڈر پاس کا مقصد مری، بارہ کہو اور دیگر اطراف سے آنے والی ٹریفک کو شہر کے مرکزی علاقوں کی طرف سگنل فری راستہ فراہم کرنا ہے تا کہ رش کے اوقات میں ٹریفک جام کے مسائل میں کمی لائی جا سکے۔رپورٹس کے مطابق منصوبے کے ڈیزائن کو حتمی شکل دینے اور کنسلٹنٹس کی تقرری کا عمل جاری ہے، جبکہ سی ڈی اے نے متعلقہ اداروں کو منصوبے کی ٹائم لائن پر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔اس منصوبے کو "اسمارٹ" انڈر پاس اس لیے قرار دیا جارہا ہے کہ اس میں جدید سہولیات، نگرانی کے نظام، بہتر روشنی اور ٹریفک مینجمنٹ سے متعلق جدید ٹیکنالوجی شامل کرنے کی تجویز ہے، تا کہ شہریوں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولت فراہم کی جا سکے۔کشمیر چوک انڈر پاس منصوبہ اسلام آباد میں جاری ٹریفک انفراسٹرکچر کی بہتری کے بڑے منصوبوں کا حصہ ہے، جس میں دیگر اہم شاہراہوں پر ٹریفک روانی بہتر بنانے کے اقدامات بھی شامل ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ منصوبہ مکمل ہونے کے بعد کشمیر چوک پر روزانہ گزرنے والی ہزاروں گاڑیوں کے لئے سفر میں آسانی پیدا ہوگی اور شہریوں کا قیمتی وقت بچے گا۔

بقیہ نمبر 13
مسلسل ان کے تاریخی مذہبی مقامات کو نشانہ بنارہی ہے۔ بھارتی جریدے "مسلم مرر" نے اپنی ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ ریاست اتر پردیش کے شہر وارانسی (بنارس) میں واقع تقریباً ایک ہزار سال قدیم تاریخی مسجد گنج شہیداں کو مسمار کرنے کے لیے نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 45 دنوں کے دوران 23 سے زائد مساجد، مدارس، عیدگاہوں اور درگاہوں کو منہدم کیا جا چکا ہے جبکہ رواں سال مئی سے اب تک مسلمانوں کے کم از کم 20 مذہبی مقامات مسماری کی کارروائیوں کا نشانہ بنے ہیں۔مسلم مرر کے مطابق ہندوتوا پالیسیوں کے تحت ایک ہزار سال قدیم مسجد سے لے کر دوسو سال پرانی درگاہ تک متعدد تاریخی مذہبی مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اتر پردیش کے شہر سنبھل میں واقع 600 سال پرانی ایک درگاہ کو عدالتی ریلیف نہ ملنے کے بعد منہدم کر دیا گیا۔دوسری جانب پاکستان کے صدر آصف علی زرداری نے مسجد گنج شہیداں سے متعلق رپورٹس پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بھارت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اقلیتوں کے حقوق اور مشترکہ ثقافتی ورثے کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ادھر انسانی حقوق کی تنظیم جسٹس فار آل نے بھی بھارت میں مسلمانوں کے تاریخی مذہبی مقامات کی مسماری اور ان کو لاحق خطرات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 14
نے اسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور گورائیہ اور سی او بلدیہ سٹریٹس لائیٹ کی طرف سے توجہ دے رہے ہیں اور نہ ہی ان کے ماتحت عملہ ہماری عوامی ایم پی راجہ شوکت عزیز بھٹی سے درخواست ہے کہ گوجرخان شہر میں ساری وارڈز کی مکمل سٹریٹس لائیٹ بحال کروائی جائیں عوامی ایم پی اے راجہ شوکت بھٹی سے فورا اس پر ایکشن لیں تا کہ شہر میں سٹریٹس لائیٹ آنے ہوں نمازیوں بزرگوں بچوں اور خواتین کو گلی محلوں رات کے وقت آنے جانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس موسم میں سانپ بھی بڑی تعداد میں باہر نظر آتے ہیں ایسا نہ ہو کہ کسی کے ساتھ کوئی بڑا واقعہ رونما ہو جائے عوامی ایم پی راجہ شوکت عزیز بھٹی اور اسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور گورائیہ فوری طور پر ایکشن لیں اور گوجرخان شہر کے تمام وارڈز کی سٹریٹس لائٹس بحال کریں اور ساتھی میں سٹریٹس لائیٹ کے کوئی مختی انچارج اور عملہ لگا ہیں عوام کو سہولت فراہم کریں

بقیہ نمبر 15
بلیک میل کرنے اور ویڈیو وائرل کرنے کے سنگین الزامات عائد کر دیے ہیں۔درخواست کے مطابق خاتون نے موقف اختیار کیا ہے کہ ملزم نے اس کی غیر موجودگی اور گھر کے حالات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مبینہ طور پر گھر میں داخل ہو کر اسے دھمکیوں کے ذریعے ہراساں کیا اور بعد ازاں اس کی نازیبا ویڈیو بھی بنائی۔ خاتون کا کہنا ہے کہ ملزم نے واقعے کے بعد مسلسل خاموش رہنے کے لیے دباؤ ڈالا اور ویڈیو سوشل میڈیا پر پھیلانے کی دھمکیاں دیتا رہا۔درخواست میں مزید الزام لگایا گیا ہے کہ چند روز بعد مبینہ طور پر نازیبا ویڈیو موبائل فون پر موصول ہوئی جس کے بعد متاثرہ خاتون نے قانونی کارروائی کے لیے پولیس سے رجوع کیا۔

بقیہ نمبر 16
کو بھی فی الفور ختم کیا جائے پیٹرولیم لیوی اور بجلی کے بلوں پر ٹیکسز اور فکس چارجز کو ختم کیا جائے تا کہ عوام سکھ کا سانس لیں

بقیہ نمبر 17
وسیع تر تناظر میں دلچسپی رکھنے والے اہل علم اور ماہرین کے لیے علمی نشستیں منعقد کرتا ہے۔ اس تقریب میں اہل علم، دانشوروں اور متعلقہ شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ ایئر مارشل عرفان احمد، ڈائریکٹر پیٹیشل سیکیورٹی، کیس لاہور نے افتتاحی کلمات ادا کیے۔ سید محمد مہر علی شاہ، پاکستان کے کمشنر برائے سندھ طاس نے جنوبی ایشیا میں آبی نظم ونسق کو "ہائیڈرو اسٹریٹیجی" کے طور پر پیش کیا، جو بنیادی ڈھانچے، قانون اور سیاسی اشاروں کا امتزاج ہے۔ انہوں نے کہا کہ ۱۹۴۸ میں پیدا ہونے والے آبی تنازعے کے بعد سندھ طاس معاہدہ پانی کی تقسیم میں استحکام کا ذریعہ رہا ہے، جبکہ طاس سندھ پاکستان کے بندوں اور بیراجوں کے نظام پر انحصار کی بنیاد ہے۔انہوں نے ڈیٹا کنٹرول، بہاؤ کے ضابطے اور "آبی جبر" جیسے ابھرتے چیلنجز کی نشاندہی کی، جن میں آبی نظم ونسق کو دباؤ کے سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ وائس ایڈمرل احمد سعید نے آبی گزرگاہوں کو اسٹریٹیجک اثاثوں کے طور پر بیان کیا، جن میں بندرگاہیں، بحری راستے، اہم گزرگاہیں اور بحری قانون شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ یو این سی ایل او ایس ۱۹۸۲ آزادی نقل و حرکت اور ساحلی ریاستوں کے حقوق کے درمیان توازن قائم کرتا ہے۔ انہوں نے بحرِ ہند میں پاکستان کی موثر پوزیشن کو نمایاں کیا، جہاں تجارت اور توانائی کی درآمدات کا تقریباً ۹۵ فیصد سمندری راستے سے ہوتا ہے، جو پاکستان کو عالمی بحری تجارت سے جوڑتا ہے۔ احمر بلال صوفی، صدر ریسرچ سوسائٹی فار انٹرنیشنل لاء (آر ایس آئی ایل)، نے وضاحت کی کہ بین الاقوامی قانون امن کے دور، مسلح تصادم اور قبضے کی صورتحال میں مختلف انداز سے کام کرتا ہے۔انہوں نے بیان کیا کہ کس طرح علمی اور ادارہ جاتی عمل آرٹیکل ۵۱ کے تحت حق دفاع جیسے اصولوں کی تشکیل کرتا ہے، جس میں قبل از وقت دفاع کی تفہیم بھی شامل ہے۔ اپنے اختتامی کلمات میں ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ)، صدر کیس لاہور نے پانی کے بطور جیو پولیٹیکل ہتھیار استعمال کو نمایاں کیا۔ انہوں نے دریائے سندھ کی پاکستانی معیشت کے لیے اہمیت پر زور دیا اور بھارت کی جانب سے پانی کو ہلاکت آفرین ہتھیار کے طور پر استعمال پر تشویش کا اظہار کیا، جس کے سنگین نتائج بھارت کو بھگتنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا سندھ طاس معاہدہ کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کا فیصلہ پاکستان کو قبول نہیں اور پاکستان اسے سختی سے مسترد کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 18
کے عوام پر کوئی نیا ٹیکس عائد کیے بغیر ایک بہترین بجٹ پیش کیا ہے جس سے عام آدمی کو حقیقی ریلیف ملے گا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا جا رہا ہے جبکہ راولپنڈی ڈویژن کے لیے بھی متعدد میگا پراجیکٹس شروع کیے گئے ہیں۔ راولپنڈی رنگ روڈ، ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، جدید ٹرانسپورٹ منصوبے، تعلیمی اداروں کی بہتری اور انفراسٹرکچر کی ترقی کے لیے خطیر فنڈز مختص کیے گئے ہیں جو خطے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ تحسین فواد نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا ترقی پسند ویژن پنجاب کو جدید، خوشحال اور عوامی فلاحی صوبہ بنانے کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بجٹ میں صحت، تعلیم، روزگار، سڑکوں کی تعمیر اور عوامی سہولیات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے جس سے ہر طبقہ مستفید ہوگا۔انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی عوام دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ بجٹ پنجاب کی ترقی اور خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا۔

بقیہ نمبر 19
گفتگو کرتے ہوئے سید اعجاز حسین بخاری نے کہا کہ چار دیواری کے اندر منعقد ہونے والی مجالس کے حوالے سے عدالت عالیہ پہلے ہی فیصلہ دے چکی ہے، اس کے باوجود مجالس کے منتظمین اور بانیان کے خلاف کارروائیاں کی جا رہی ہیں اور بعض مقامات پر انہیں گرفتار بھی کیا جاتا ہے، انہوں نے کہا کہ یہ عمل عدالتی احکامات کی روح کے منافی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی جلوس میں دس سے پندرہ منٹ کی تاخیر ہو جائے تو فوری طور پر لائسنس ہولڈر یا منتظمین کے خلاف ایف آئی آر درج کر دی جاتی ہے، جبکہ انتظامیہ کو ایسے معاملات میں تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کرنا چاہیے، سید اعجاز حسین بخاری نے کہا کہ امام حسینؑ کی قربانی کسی ایک مسلک یا مذہب تک محدود نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہل سنت بھی عزادارانِ حسینؑ کے لیے جگہ جگہ سبیلوں اور نیاز کا اہتمام کرتے ہیں اور واقعہ کربلا میں ہونے والے مظالم کی مذمت کرتے ہیں۔ امام حسینؑ، جو نواسہ رسولﷺ ہیں، نے ظلم، جبر اور باطل کے سامنے سر نہ جھکا کر تاریخ انسانیت میں حق وصداقت کی ایسی مثال قائم کی جس کی نظیر نہیں ملتی، انہوں نے کہا کہ حکومت کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ عزاداری امام حسینؑ تا قیامت جاری رہے گی۔ اگر چار دیواری اور امام بارگاہوں میں ہونے والی مجالس کو طاقت کے زور پر روکنے کی کوشش کی گئی تو عزادار سڑکوں پر بیٹھ کر بھی اپنے عقیدے اور روایات کے مطابق عزاداری کا فریضہ انجام دیں گے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ عزاداری کے حوالے سے درج مقدمات اور پابندیوں کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے اور شہریوں کو آئین وقانون کے مطابق اپنے مذہبی عقائد پر عمل کرنے کی مکمل آزادی دی جائے۔

بقیہ نمبر 20
اور معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا۔ ایسوسی ایشن آف آل ایفیلیئٹڈ انسٹیٹیوشنز کئی سالوں سے تعلیمی بجٹ مجموعی پیداوار کا 8 فیصد کرنے کا مطالبہ کر رہا ہے

بقیہ نمبر 21
بیان کر رہے ہیں سپریم کونسل کے اراکین امام بارگاہ میں سیکیورٹی، صفائی، روشنی، عزاداران کی سہولیات، تنظیم وآرائش اور دیگر انتظامات بہترین انداز میں انجام دے رہے ہیں جنہیں مومنین خراج تحسین پیش کر رہے ہیں اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ آج امام بارگاہ میں جو نظم وضبط، خوبصورتی، رونق اور عزاداری کا پُروقار ماحول نظر آ رہا ہے، اس کا تمام تر کریڈٹ سپریم کونسل کو جاتا ہے۔ سپریم کونسل کے اراکین نے باہمی مشاورت، انتھک محنت اور خلوص نیت سے امام بارگاہ کو ایک مثالی مرکزِ عزاداری میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ مجالس عزا سے معروف ذاکر اہل بیتؑ سید صادق شیرازی فضائل و مصائب اہل بیتؑ نہایت مؤثر علمی اور دلنشین انداز میں بیان کر رہے ہیں۔ ان کے خطابات سامعین کے دلوں پر گہرا اثر چھوڑ رہے ہیں اور مجالس کے روحانی ماحول میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔ مومنین کا کہنا ہے کہ آج سپریم کونسل کی مخلصانہ کاوشوں اور مومنین کے تعاون سے وہی امام بارگاہ عزاداری سید الشہداءؑ کا ایک منظم، فعال اور باوقار مرکز بن چکی ہے۔عزادارانِ امام حسینؑ نے سپریم کونسل اور تمام خدمت گزاروں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اتحادِ مومنین، شعائرِ حسینیؑ کے فروغ اور امام بارگاہ کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 22
ہے، تو دوسری طرف وہ جدید فکری اور سماجی مسائل کو عصری حسیت کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ان کی نثر میں داستانوی رنگ، تہہ دار علامت نگاری، نفسیاتی تجزیہ اور فکری مکالمہ ایک ساتھ موجود ہوتے ہیں۔ وہ کلاسیکی اردو ادب، فارسی روایت اور جدید مغربی فکر سے بیک وقت فیض یاب ہوتے ہیں، جس کے باعث ان کی تحریریں نہ مکمل طور پر روایتی ہیں اور نہ ہی محض جدیدیت کی تقلید؛ بلکہ ایک ایسی انفرادی آواز رکھتی ہیں جو مشرقی تہذیب اور عالمی فکری روایت کے درمیان مکالمہ قائم کرتی ہے۔ادبی مقالہ نگار کے نزدیک ڈاکٹر ہمایوں محمد کا شمار ان ادیبوں میں کیا جاسکتا ہے جو ادب کو محض تفریح یا اظہار ذات کا وسیلہ نہیں سمجھتے بلکہ اسے انسان، معاشرے اور حقیقت کے درمیان ایک سنجیدہ مکالمہ تصور کرتے ہیں۔ان کی تخلیقات انسانی تجربے کی پیچیدگی، فکری دیانت اور تہذیبی شعور کا آئینہ ہیں، اور اردو ادب میں ایک ایسی آواز کی نمائندگی کرتی ہیں جو طب، فلسفہ، مذہب، تاریخ اور ادب کے سنگم پر کھڑی ہوکر اپنے عہد سے سوال کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 23
قاری قاصد محمود عباسی نے کی جبکہ تلاوت کلام پاک مدرسہ بابا شاہ جمالی کے طلبہ نے کی نقابت کے فرائض بھی طلبہ نے انجام دیے اور مختلف علاقوں سے آئے ثناء خوانوں نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی خصوصی نعت راجہ قاہر الحسن دھنیال نے پیش کی جبکہ خصوصی خطاب حضرت علامہ عارف چشتی راولپنڈی نے کیا عرس میں ملک بھر اور دور دراز علاقوں سے ہزاروں عقیدت مندوں اور مریدین نے شرکت کی۔ پشاور سے آنے والے مہمانوں نے سجادہ نشین سائیں راجہ ناصر امین کو پگڑی کا تحفہ پیش کیا اس موقع پر سائیں وحید اور سائیں شبیر نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور مرحومین بالخصوص سائیں محمد امین مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی عرس کے دوران پہلی مرتبہ گھڑسواری اور نیزہ بازی کے شاندار مقابلوں کا انعقاد حافظ راجہ وحید کھٹوال راجہ واجد حسین اور راجہ حق نواز کھٹوال کی زیر سرپرستی کیا گیا اس تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر راجہ خرم شہزاد نواز تھے جنہوں نے کامیاب انعقاد پر سائیں راجہ ناصر امین کو مبارکباد دی نمایاں کارکردگی دکھانے والے گھڑسواروں میں نقد انعامات اور تحائف تقسیم کیے گئے عرس کے تیسرے روز روایتی بیل دوڑ کا انعقاد راجہ غالب حسین راجہ واجد حسین راجہ حق نواز کھٹوال سید امام حسین شاہ راجہ مظہر محمود اور راجہ زاہد محمود کی نگرانی میں کیا گیا کامیاب بیل مالکان کو موٹر سائیکل واشنگ مشین ایل ای ڈی اور نقد انعامات سے نوازا گیا اختتامی دعا میں مرحومین ملک وقوم کی سلامتی اور بالخصوص سائیں محمد امین مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی گئی آخر میں سجادہ نشین سائیں راجہ ناصر امین نے اہل علاقہ مریدین پولیس انتظامیہ اور تمام تعاون کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا عرس کے انتظامات کی خصوصی نگرانی ورہنمائی راجہ محمد ادریس آف تمیر راجہ طاہر امین سید عابد حسین شاہ راجہ ضیاء عرف پپو راجہ عصمت محمود راجہ ساجد دھنیال چوہدری طارق صغیر پٹواری سردار طارق محمود راجہ افضال راجہ فرید ستی اور دیگر معززین علاقہ نے انجام دی

بقیہ نمبر 24
میں لیک ویو پارک، چھتر پارک، گھوڑا گلی اور مری کے قریب اسٹیشنز شامل کیے گئے ہیں۔رپورٹس کے مطابق پنجاب حکومت نے منصوبے کے لیے فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کر لی ہے جبکہ مونوریل سسٹم کے لیے بولی کے عمل کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ منصوبے کو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ تک توسیع دینے کی تجویز بھی زیر غور رہی ہے تا کہ ملکی وغیر ملکی سیاح براہ راست مری تک جدید سفری سہولت حاصل کر سکیں۔مری گلاس ٹرین منصوبہ کئی برسوں سے زیر غور تھا لیکن زمین، روٹ کے تعین، نئی تعمیرات، ماحولیاتی خدشات اور فزیبلٹی میں تبدیلیوں کے باعث اس میں تاخیر ہوتی رہی۔ حکام کے مطابق پرانی فزیبلٹی رپورٹ کو موجودہ حالات کے مطابق دوبارہ جانچنے کی ضرورت پیش آئی، کیونکہ مری کے پہاڑی علاقے میں تعمیراتی کام کے لیے جغرافیائی اور ماحولیاتی عوامل اہم حیثیت رکھتے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ یہ منصوبہ مری میں ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے، سیاحت کو فروغ دینے اور مری روڈ پر گاڑیوں کی تعداد میں کمی لانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ مجوزہ شیشے کی ٹرین نہ صرف سفری سہولت فراہم کرے گی بلکہ پاکستان میں پہلا بڑا پہاڑی سیاحتی ریل منصوبہ بھی بن سکتی ہے۔تازہ پیش رفت کے مطابق حکومت کی جانب سے منصوبے کو عملی شکل دینے کے لیے اقدامات تیز کیے جا رہے ہیں اور تعمیراتی سرگرمیوں کے آغاز کے لیے اگلے مراحل مکمل کیے جا رہے ہیں

بقیہ نمبر 25
طور پر 2 سو روپے چرانے کا الزام لگایا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ پیسے چوری کرنے کے الزام پر 3 افراد کی جانب سے ذہنی معذور شخص کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا جس کی ویڈیو بھی منظر عام پر آئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں گرفتار کر لیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 26
تاریخی تحفہ ہے جس کا سہرا گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے سر جاتا ہے، انہوں نے عوام سے جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کر کے یہ ثابت کر دیا کہ وہ عوامی خدمت اور علاقائی ترقی پر یقین رکھتے ہیں، یونیورسٹی آف اٹک کا قیام سردار سلیم حیدر کا دیرینہ خواب تھا، اس یونیورسٹی کے قیام سے فتح جنگ، جنڈ، پنڈی گھیب سمیت دیگر علاقوں کے طلباء وطالبات کو اپنے شہر سے باہر جا کر پڑھائی نہیں کرنی پڑے گی بلکہ ضلع اٹک کے اندر ہی معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی ، ملک ریاست سدھریال نے کہا کہ یونیورسٹی آف اٹک نہ صرف تعلیمی میدان میں انقلاب برپا کرے گی بلکہ ضلع کی معاشی اور سماجی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گی ، اس سے روزگار کے نئے مواقع کے ساتھ ساتھ کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوگا اور ضلع اٹک میں تعلیم کا ایک نیا سفر شروع ہوگا، انہوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیمی ادارے کسی بھی علاقے کی معاشی ترقی کی بنیاد ہوتے ہیں اور یہ یونیورسٹی آنے والی نسل کے روشن مستقبل کی ضمانت ثابت ہوگی ، سردار سلیم حیدر خان نے ہمیشہ عوامی مسائل کو ترجیح دی اور علاقے کی ترقی اور محرومیوں کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں، یونیورسٹی آف اٹک بھی اسی ویژن کا حصہ ہے جو نوجوان نسل کو تعلیم اور ترقی کے ایک نئے سفر کی جانب لے کر چلتا ہے، انہوں نے کہا کہ اہلیان اٹک گورنر پنجاب کے ان اقدام کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں ، یہ یونیورسٹی مستقبل میں ملک کے ممتاز تعلیمی اداروں میں شمار ہوگی اور یہاں سے تعلیم حاصل کرنے والے طلباء پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں نمایاں کردار ادا کریں گے

بقیہ نمبر 27
عزاداری کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسلامی جمہوریہ ایران کے قونصل جنرل کراچی علی اکبر عیسٰی زادے، ماتمی دستہ ایس ایم نقی، پاک محرم ایسوسی ایشن کے ذمہ داران بالخصوص سرور بھائی سمیت مختلف قومی، ملی اور انتظامی اداروں سے وابستہ اہم شخصیات بھی موجود تھیں جنہوں نے علامہ شبیر میثمی سے ملاقاتیں کیں۔ بعد ازاں مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان نے نشتر پارک کراچی میں پاک محرم ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ مرکزی عشرۂ محرم الحرام 1448ھ کی چھٹی مجلس عزا میں شرکت کی۔ مجلس کے مرکزی خطیب حجۃ الاسلام علامہ سید شہنشاہ حسین نقوی تھے۔ اس موقع پر کراچی انتظامیہ، سیاسی وسماجی شخصیات نے بھی علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی سے ملاقات کی جبکہ انہوں نے عزاداری کے انتظامی امور اور سہولیات کا جائزہ لیا۔ علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے عزاداری سید الشہداءؑ کے منظم انعقاد پر منتظمین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام اسلامی تاریخ کا عظیم ترین پیغام حق، عدل، قربانی اور استقامت کا مظہر ہے۔ انہوں نے عزادارانِ امام حسینؑ کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی اور پرامن ماحول کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 28
تاخیر کا شکار ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت نے اس منصوبے کو آگے بڑھانے کی منظوری دی ہے، جبکہ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی بھی منصوبے میں تعاون کرے گی۔ منصوبے کے تحت مارگلہ پہاڑوں کے اندر دو جڑواں سرنگیں تعمیر کی جائیں گی جو ہری پور/ خانپور کے علاقے کو اسلام آباد کے ڈی بارہ سیکٹر سے براہ راست منسلک کریں گی۔ حکام کے مطابق اس رابطے سے ہری پور اور اسلام آباد کے درمیان سفر کا فاصلہ اور وقت نمایاں طور پر کم ہو جائے گا، جبکہ ہری پور سے اسلام آباد کا سفر تقریباً 10 سے 15 منٹ تک محدود ہونے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 29
میں ریجا کے صدر غلام مرتضیٰ ملک، سیکرٹری جنرل محمد فیاض چوہدری، ریجا کے چیئرمین سردار شوکت محمود خان، نائب صدور رنجیل نواز سواتی چوہدری اسد منظور احمد سلہریا سمیت ایگزیکٹو اور گورننگ باڈی کے اراکین وممبران ریجا نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریجا کے جنرل سیکرٹری فیاض چوہدری نے نظامت کے فرائض سرانجام دیے اس تقریب میں جڑواں شہروں کے صحافی رہنماؤں نیشنل پریس کلب کے عہدیداران اور صحافی برادری کی بڑی تعداد نے شرکت اس موقع پر ریجا کے صدر مرتضیٰ ملک نے کہا موت کا وقت متعین ہے۔ ریجا کے سابق نائب صدر عتیق خان اور دیگر ممبران ریجا کے پیاروں کی وفات کا دلی افسوس ہے ہم پسماندہ خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اور مرحومین کی کامل مغفرت کے لیے دعا گو ہیں۔ ریجا کے چیئرمین سردار شوکت محمود نے کہا دنیا مسافر خانہ ہے مہمان بدلتے رہتے ہیں۔ انہوں نے عتیق خان کی موت اور دیگر صحافیوں کے عزیز واقارب کی اموات پر رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دنیا عارضی چند دنوں کی زد میں ہے انہوں نے اے روز کی اچانک بڑھتی ہوئی اموات ہمارے لیے لمحہ فکریہ ہیں۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ حسن سلوک اور اچھے اخلاق اور ہمدردی کے جذبے کے ساتھ برتاؤ کرکے اپنی آخرت سنواری ہوگی۔

بقیہ نمبر 30
لوئر بازار کی مرکزی امام بارگاہ سے اپنے مقررہ وقت پر برآمد ہو کر مال روڈ سے ہوتا ہوا واپس اسی امام بارگاہ پر اختتام پذیر ہوگا۔سیکورٹی کے نکتہ نظر سے 9 اور 10 محرم کو مال روڈ اور اس کے مضافاتی علاقوں میں عام ٹریفک اور سیاحوں کی آمد ورفت محدود رہے گی، تا کہ جلوس کو مکمل تحفظ فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے مری کا رخ کرنے والے سیاحوں سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے اس ایڈوائزری کو لازمی ملحوظ خاطر رکھیں۔ مال روڈ کے مخصوص سیکورٹی زونز کے علاوہ مری کے باقی تمام سیاحتی مقامات اور مضافاتی تفریحی پوائنٹس عام سیاحوں کے لیے بالکل کھلے ہیں۔ مری آنے والے سیاح جلوس کے روٹس سے ہٹ کر دیگر تمام مقامات پر بلا روک ٹوک گھوم پھر سکتے ہیں اور مری پولیس شہریوں کی چوبیس گھنٹے خدمت کے لیے الرٹ ہے۔ ڈاکٹر محمد رضا تنویر نے مقامی لوگوں اور سیاحوں پر زور دیا کہ وہ مری پولیس کی آفیشل موبائل ایپلی کیشن سیف ٹورازم مری کو زیادہ سے زیادہ ڈاؤن لوڈ کریں۔ اس ایپ کے ذریعے مری کی لائیو ٹریفک صورتحال، متبادل راستوں اور سیکورٹی سے متعلق تمام تر اپ ڈیٹس لمحہ بہ لمحہ سیاحوں کی فنگر ٹپس پر دستیاب ہوں گی

بقیہ نمبر 31
متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ اس رجحان کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ متعدد موٹر سائیکل سوار رات گئے اور مصروف شاہراہوں پر سائلنسر کھول کر یا غیر معیاری سائلنسر نصب کر کے تیز آواز کے ساتھ گھومتے پھرتے ہیں، جس سے نہ صرف عوام کو ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ بزرگوں، مریضوں اور طلبہ کے لیے بھی مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ مقامی رہائشیوں کے مطابق اسلام آباد جیسے پرامن شہر میں شور کی بڑھتی ہوئی آلودگی ایک سنجیدہ مسئلہ بنتی جا رہی ہے، تاہم اس حوالے سے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کا خاطر خواہ دکھائی نہیں دیتا۔ شہریوں کا مؤقف ہے کہ ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ ادارے غیر قانونی اور شور پیدا کرنے والے سائلنسرز کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں، جس کی وجہ سے خلاف ورزیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ماہرین ماحولیات کا کہنا ہے کہ مسلسل بلند آوازیں نہ صرف شہری سکون کو متاثر کرتی ہیں بلکہ انسانی صحت، ذہنی دباؤ اور نیند کے مسائل کا بھی سبب بن سکتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ شور کی آلودگی کو قابو میں رکھنے کے لیے قوانین پر سختی سے عملدرآمد ضروری ہے۔ شہریوں نے اسلام آباد ٹریفک پولیس اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سائلنسر نکال کر یا غیر قانونی ترمیم شدہ موٹر سائیکلیں چلانے والوں کے خلاف خصوصی مہم چلائی جائے، جرمانے کیے جائیں اور شور کی آلودگی پر قابو پانے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں تا کہ وفاقی دارالحکومت کا پرسکون ماحول برقرار رکھا جاسکے

بقیہ نمبر 32
پر جنگ ختم کروانے میں پاکستان کے کردار کو تاریخی حیثیت حاصل ہے، ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے پٹرولیم مصنوعات میں کمی کا خیر مقدم کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات میں مزید کمی لائی جائے، پی ٹی ایس کارنر میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ غریب کی حالت بدلنے میں اگر حکومت واقعی سنجیدہ ہے تو پٹرول کی قیمت اور ڈیزل کی قیمت میں مزید کمی کرے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے پر روزمرہ کی زندگی کی جو اشیاء ضروریہ ہیں ان کی قیمتیں آسمان تک پہنچ گئی ہیں حکومت فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کرے اور ساتھ مانیٹرنگ سسٹم لائے تا کہ روزمرہ کی جو ضروری اشیاء ہیں ان کی قیمتوں میں بھی فوری کمی لائی جائے۔ ٹرانسپورٹ کے کرائے میں کمی لائی جائے اور جو سات مارچ سے پہلے کی اشیاء ضروریہ کی قیمتیں تھیں وہ واپس لائی جائیں انہوں نے کہا کہ 74 روپے پٹرول کی کمی سے عوام کو کچھ ریلیف ملا ہے لیکن زیادہ ریلیف ہی غریبوں کے لیے آسانی پیدا کرسکتا ہے

بقیہ نمبر 33
14 مطالبات زر منظور کرتے ہوئے اپوزیشن کی 100 کٹوتی کی تحاریک مسترد کر دیں۔ توانائی ڈویژن کے 6 کھرب 61 ارب سے زائد کے 6 مطالبات زر منظور کرتے ہوئے اپوزیشن کی 116 کٹوتی کی تحاریک مسترد کی گئیں۔ ایوان نے ماحولیاتی تبدیلی ڈویژن کے تین ارب 89 کروڑ سے زائد کے 2، کامرس ڈویژن کے 27 ارب 99 کروڑ سے زائد کے 2، مواصلات ڈویژن کے 1 کھرب 25 ارب سے زائد کے پانچ مطالبات زر منظور کیے۔ قومی اسمبلی نے دفاع اور دفاع ڈویژن کے 30 کھرب 67 ارب 23 کروڑ سے زائد کے 5 مطالبات زر کی منظوری دی جبکہ دفاعی پیداوار ڈویژن کے 2 ارب 11 کروڑ سے زائد کے دو مطالبات زر کو بھی منظور کرلیا گیا۔ ایوان نے اکنامک افیئرز ڈویژن کے 15 ارب ایک کروڑ سے زائد مالیت کے 2، وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے 1 کھرب 21 ارب 26 کروڑ سے زائد کے 9 جبکہ خارجہ امور ڈویژن کے 68 ارب 17 کروڑ سے زائد کے دو مطالبات زر منظور کر لیے گئے۔ ایوان نے ہاؤسنگ اور تعمیرات ڈویژن کے 22 ارب 31 کروڑ سے زائد کے 2، انسانی حقوق ڈویژن کے 2 ارب 33 کروڑ سے زائد کے 4 جبکہ صنعت وپیداوار ڈویژن کے 29 ارب 53 کروڑ سے زائد کے 2 جبکہ داخلہ ڈویژن اور ذیلی اداروں کے 45 ارب 4 کروڑ سے زائد مالیت کے 2 مطالبات زر منظور کر لیے۔ ایوان نے اطلاعات ونشریات ڈویژن کے 27 ارب 57 کروڑ روپے سے زائد کے 3، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے 42 ارب 7 کروڑ روپے سے زائد کے 2، بین الصوبائی رابطہ ڈویژن کے 5 ارب 2 کروڑ سے زائد کے 2 مطالبات زر کو منظور کرلیا۔ قومی اسمبلی نے امور کشمیر وگلگت بلتستان ڈویژن کے 3 ارب 18 کروڑ سے زائد کے 2، قانون وانصاف ڈویژن کے 24 ارب 91 کروڑ سے زائد کے 7، میری ٹائم افیئرز کے 4 ارب 12 کروڑ سے زائد کے 2 مطالبات زر منظوری دی۔ ایوان نے قومی اسمبلی کا 9 ارب 3 کروڑ سے زائد کا ایک، سینیٹ آف پاکستان کا 3 ارب 21 کروڑ سے زائد کا ایک، وزارت قومی صحت کے 53 ارب 28 کروڑ سے زائد کے 2 مطالبات زر منظور کر لیے۔ قومی اسمبلی نے وزارت پارلیمانی امور کا 1 ارب 20 کروڑ سے زائد کا ایک، وزارت منصوبہ بندی ڈویژن کے 37 ارب 21 کروڑ سے زائد کے 2، نجکاری ڈویژن کے 1 ارب 74 کروڑ سے زائد کے 2 مطالبات زر کی منظوری دی۔ ایوان نے وزارت ریلوے کے 1 کھرب 11 ارب 13 کروڑ سے زائد کے 2، وزارت مذہبی امور کے 2 ارب 40 کروڑ سے زائد کے 2، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈویژن کے 19 ارب 74 کروڑ سے زائد کے دو مطالبات زر منظور کر لیے جبکہ وزارت آبی وسائل کے 1 کھرب 7 ارب روپے سے زائد کے تین مطالبات زر منظوری دی گئی۔ داخلہ، نیشنل فوڈ سیکیورٹی اور تخفیف غربت ڈویژن کے 12 کھرب 42 ارب 86 کروڑ سے زائد کے 10 مطالبات کی منظوری دی گئی جبکہ اپوزیشن کی 280 کٹوتی کی تحاریک بحث کی گئی

بقیہ نمبر 34
کے قریب پیش آیا تفصیلات کے مطابق گوجرخان میں سردار جی کا کمپلیکس کے مالک معروف کاروباری شخصیت سردار فتح سنگھ جو اپنے دیگر فیملی ممبران جو گوجرانوالہ اور حسن ابدال میں رہتے ہیں انکے ہمراہ ناران کاغان کی سیاحت کے لیے بذریعہ اے پی وین جارہے تھے ذرائع کے مطابق کیوائی دائر فال کے قریب شاہراہ کاغان پر سریے سے لدا ٹرک بے قابو ہو کر سکھ فیملی کی گاڑی پر الٹ گیا۔ جسکے نتیجے میں سردار فتح سنگھ، تاجندر سنگھ، جسمراج سنگھ جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق مرنے والوں میں ان کا بیٹا بھی شامل ہے۔ جبکہ زخمی ہونے والوں میں سات کا تعلق گوجرانوالہ اور تین کا بالاکوٹ کھولیاں سے ہے سرجیت سنگھ ہرپال سنگھ۔ سرن جیت سنگھ۔ جگنیت سنگھ سوگندیس سنگھ۔ کیرت جوت سنگھ۔ فاتح سنگھ۔ محمد یاسر عبدالباسط۔ نعمان واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 مانسہرہ اور غلام حسن ویلفیئر ایمبولینس موقع پر پہنچ گئیں اور تمام زخمی و فوت شدہ افراد کو امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے بالاکوٹ ہسپتال منتقل کیا گیا۔ سردار فتح سنگھ گزشتہ کئی برسوں سے گوجرخان میں کاسمیٹکس کے کاروبار سے منسلک تھا۔ اور اپنے اخلاق اور گفتار سے مارکیٹ میں اچھی شہرت کا حامل تھا۔

بقیہ نمبر 35
طور پر ہاؤسنگ سوسائیٹیز کے حوالے سے رائٹ آف وے کی نظر ثانی کے لیے اپنی تجاویز پیش کرے گی۔ وزیر اعظم نے کمیٹی کو اول پر جلد نظر ثانی کر کے تجاویز پیش کرنے کی ہدایت کی ہے

بقیہ نمبر 36
گلگت بلتستان کے پانچویں منتخب وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف اٹھائیں گے۔ وکالت، سیاست اور عوامی خدمت کے میدان میں طویل تجربہ رکھنے والے امجد حسین ایڈووکیٹ کا شمار خطے کی بااثر اور متحرک سیاسی شخصیات میں ہوتا ہے۔ 1975ء میں گلگت کے علاقے امپھری میں پیدا ہونے والے امجد حسین ایڈووکیٹ ایک معروف سیاسی و سماجی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے والد مرحوم آزر خان پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور ضلع گلگت کے چیئرمین رہ چکے ہیں۔ سیاسی شعور اور عوامی خدمت کا جذبہ انہیں اپنے خاندان سے ورثے میں ملا۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم اور میٹرک گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 گلگت سے حاصل کی جبکہ ایف ایس سی پبلک سکول جوٹیال گلگت سے مکمل کی۔ بعد ازاں پنجاب یونیورسٹی سے ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کر کے وکالت کے شعبے میں قدم رکھا اور اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر گلگت بلتستان کے ممتاز وکلاء میں شمار ہونے لگے۔ زمانہ طالب علمی میں ہی انہوں نے سیاست کا آغاز کیا اور 1996ء میں پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن کے ضلعی صدر منتخب ہوئے۔ یہی وہ مرحلہ تھا جہاں سے ان کی عملی سیاسی زندگی کا آغاز ہوا۔ بعد ازاں وہ پارٹی کے مختلف تنظیمی عہدوں پر فائز رہے اور اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ قانونی میدان میں ان کی خدمات بھی نمایاں ہیں۔ وہ گلگت بلتستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور پیپلز لائرز فورم کے صدر رہ چکے ہیں جبکہ سپریم اپیلٹ کورٹ کے سینئر وکیل کی حیثیت سے بھی ایک مضبوط شناخت رکھتے ہیں۔ امجد حسین ایڈووکیٹ 2010ء سے 2015ء تک گلگت بلتستان کونسل کے رکن رہے جہاں انہوں نے آئینی اصلاحات، قانون سازی اور گلگت بلتستان کے حقوق کے لیے مؤثر کردار ادا کیا۔ 2016ء میں جب پاکستان پیپلز پارٹی کو تنظیمی چیلنجز کا سامنا تھا تو پارٹی قیادت نے انہیں صوبائی صدر مقرر کیا۔ ان کی قیادت میں پارٹی نے دوبارہ اپنی سیاسی پوزیشن مستحکم کی اور کارکنوں کو متحرک کیا۔ 2020ء کے انتخابات میں انہوں نے گلگت اور نگر کے دو حلقوں سے کامیابی حاصل کر کے ایک منفرد سیاسی ریکارڈ قائم کیا۔

بقیہ نمبر 37
کے مسائل کے حل کے لیے کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد اور کمشنر کراچی کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات اختتام پذیر ہوئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں گاڑیوں کی منتقلی کے دوران بائیومیٹرک مرحلے سے متعلق ٹرانسپورٹرز کو دو ماہ کی مہلت دینے کا مطالبہ تسلیم کر لیا گیا، جبکہ تھرڈ پارٹی انشورنس کی مد میں 12 ہزار روپے ادائیگی کے معاملے کو بھی حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اجلاس کے دوران فریقین کے درمیان مختلف امور پر تبادلہ خیال ہوا اور آئندہ پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے پندرہ روز بعد دوبارہ ملاقات پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد جلد ہی اپنی نمائندہ تنظیموں کے ساتھ مشاورتی اجلاس منعقد کرے گا، جس میں حکومتی یقین دہانیوں اور آئندہ لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 38
سلام پہنچایا اور مصر کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ، برادرانہ اور کثیر الجہتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے پاکستان اور مصر کے درمیان حالیہ اعلیٰ سطحی روابط کے نتیجے میں پیدا ہونے والی مثبت پیش رفت کو سراہا، جس میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے میں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے صدر السیسی کی وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے دورہ پاکستان کی دعوت قبول کرنے کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ دونوں ممالک کی قیادت کے دوروں کا تبادلہ باہمی سہولت کے مطابق جلد ہوگا۔

بقیہ نمبر 39
کو آئندہ سال حج پر جانے کی اجازت دی جائیگی۔ وزارت مذہبی امور پاکستان کی جانب سے مطلوبہ تعداد مکمل ہونے کے بعد آن لائن رجسٹریشن بند کر دی جائیگی۔ آن لائن رجسٹریشن کے لیے پاسپورٹ کی معیاد نومبر 2027 تک لازمی قرار دی گئی، رجسٹریشن کے لیے عازمین حج سے کسی قسم کی فیس وصول نہیں کی جائیگی۔ مزید یہ بھی بتایا گیا ہے کہ رجسٹرڈ عازمین سرکاری کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت بھی حج کے لیے اہل ہوں گے۔

بقیہ نمبر 40
کے طریقوں پر غور کر رہے ہیں رپورٹ کے مطابق ضمنی انتخاب میں اینڈی برنہم کی کامیابی کے بعد کابینہ کے کئی وزراء کے موقف میں نمایاں تبدیلی آئی ہے جس کے نتیجے میں سٹارمر نے اقتدار میں برقرار رہنے کے اپنے سابقہ ارادے پر نظرثانی شروع کر دی ہے۔ کیئر سٹارمر کے قریبی لیبر پارٹی کے ایک رکن پارلیمنٹ نے کہا کہ سٹارمر ممکنہ طور پر بھرپور رخصتی کی تاریخ کا اعلان کر سکتے ہیں کیونکہ اب پارلیمانی پارٹی میں ان کی حمایت صرف چند قریبی دوستوں اور ساتھیوں تک محدود رہ گئی ہے۔

بقیہ نمبر 41
ٹیکس شامل ہے، ایک لیٹر پیٹرول کی قیمت میں 88 روپے 7 پیسے ٹیکس شامل ہیں

بقیہ نمبر 42
متعدد زخمی ہوئے۔ جہنم واصل دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے 2 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا اللہ تعالیٰ شہیدوں کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، علاقے میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے سرچ اور کلیئرنس آپریشن تاحال جاری ہے۔

بقیہ نمبر 43
نیٹ ورک کا اہم رکن قرار دیا جارہا ہے، جو مبینہ طور پر کالعدم تنظیم سے منسلک ہے۔ سی ٹی ڈی کے ایس ایس پی عرفان بہادر کے مطابق گرفتار ملزم ایک سلیپر سیل کا حصہ تھا اور اس کا تعلق ایسے نیٹ ورک سے بتایا گیا ہے جو ملک میں بڑی کارروائیوں کی منصوبہ بندی میں ملوث رہا ہے۔

بقیہ نمبر 44
مطابق خاتون پر علاقے میں بھیک مانگنے کا الزام عائد کیا گیا تھا، تاہم ویڈیو میں کارروائی کے دوران کوئی لیڈی کانسٹیبل موجود نظر نہیں آئی، ویڈیو منظر عام پر آنے کے باوجود وفاقی پولیس افسران کی جانب سے کارروائی نہ ہوسکی۔

بقیہ نمبر 45
پانچ افراد کا جاں بحق ہونا نہایت المناک ہے اور اس دکھ پر جتنا افسوس کیا جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود اس معاملے پر حکام کے رابطے میں تھے تا کہ زخمیوں کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کی جا سکے اور فوری طور پر انہوں نے اپنے بیٹے کو لواحقین کے پاس بھیجا تا کہ اہل خانہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا جاسکے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ جاں بحق افراد کے لیے راولپنڈی انتظامیہ نے انتظامات کیے اور اب ضروری ہے کہ متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مدد کی جائے۔ انہوں نے پنجاب حکومت سے اپیل کی کہ لواحقین کی مالی اور انتظامی معاونت کو یقینی بنایا جائے اور ان کا قیمتی سامان بھی جلد از جلد واپس کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ ملتان انتظامیہ سے بھی کہیں گے کہ متاثرہ خاندانوں کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں تا کہ انہیں بروقت امداد اور سہولت فراہم کی جا سکے۔ چیئرمین سینیٹ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ متاثرہ خاندانوں کو جلد از جلد امداد کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائیگی

بقیہ نمبر 46
پر اور قواعد وضوابط کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ان ایف سی فیصل آباد کو فوری طور پر ڈی سیل کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں اور معاملے کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت قومی اداروں کے مؤثر اور بلاتعطل کام کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اداروں کی کارکردگی کو متاثر کرنے والے انتظامی یا طریقہ کار سے متعلق تمام مسائل کو فوری اور مؤثر انداز میں نمٹایا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 47
اور ہلکی گاڑیوں کیلئے حد رفتار دوبارہ 120 کلومیٹر فی گھنٹہ مقرر کر دی گئی۔ موٹروے پر مسافر بسوں اور بھاری گاڑیوں کیلئے حد رفتار دوبارہ 110 کلومیٹر فی گھنٹہ بحال کر دی گئی۔ موٹروے پولیس کے مطابق حد رفتار میں عارضی کمی خصوصی حالات اور حفاظتی خدشات کے پیش نظر کی گئی تھی، تاہم صورتحال معمول پر آنے کے بعد سابقہ رفتار کی حدیں بحال کر دی گئی ہیں۔ ترجمان موٹروے پولیس کا کہنا ہے کہ شہری مقررہ حد رفتار اور ٹریفک قوانین کی پابندی یقینی بنائیں، محفوظ سفر کے لئے رفتار پر قابو رکھیں اور سیٹ بیلٹ کا استعمال کریں

بقیہ نمبر 48
قبول کیا، پیپلز پارٹی کی وجہ سے عوام کو متعدد ریلیف ملے۔ سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کے ساتھ بجٹ معاملات خوش اسلوبی سے طے ہوئے، موجودہ حالات اور زمینی حقائق کے مطابق موجودہ بجٹ بہترین رہا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے بیشتر تحفظات دور ہو چکے، تمام تحفظات ابھی مکمل ختم نہیں ہوتے، پاکستان کے تاریخی ثالثی کردار نے دنیا بھر میں ملک کا نام روشن کیا، پاکستان کے کردار کو تاریخ میں سنہری حروف سے یاد رکھا جائے گا۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ وزیر اعظم، نائب وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کا کردار بہت اہم رہا، خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پاکستان کے مثبت عالمی تشخص کا فائدہ مسئلہ کشمیر اور فلسطین سمیت دیگر اہم معاملات میں بھی ہوگا، مقبوضہ کشمیر کے عوام کی ولولہ انگیز جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ وہ وقت ضرور آئے گا جب مقبوضہ کشمیر کی عوام آزادی کی منزل حاصل کریں گے۔

بقیہ نمبر 49
طویل مدتی سلامتی کمزور ہوئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق عبرانی یونیورسٹی آف یروشلم اور آگم انسٹیٹیوٹ کی جانب سے 17 سے 20 جون کے درمیان کیے گئے سروے میں 644,3 افراد نے حصہ لیا۔ سروے کے نتائج کے مطابق 1.92 فیصد اسرائیلی شہریوں کا ماننا ہے کہ ایران اس تنازع میں فاتح رہا یا اسے اسرائیل کے مقابلے میں زیادہ فوائد حاصل ہوئے۔

بقیہ نمبر 50
مطابق بیٹے کی شناخت متوفی 13 سالہ عثمان اور شدید زخمی باپ کی نعیم کے نام سے ہوئی ہوئی ہے

بقیہ نمبر 51
الیکٹرک گاڑیوں اور درآمدی ڈیوٹیوں سے متعلق اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین ایف بی آر نے درآمدی موبائل فونز پر عائد 20 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ 200 ڈالر تک مالیت کے موبائل فونز پر ٹیکس میں کمی کے امکانات کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ اجلاس کو موبائل فونز پر ٹیکسوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے ایف بی آر حکام نے بتایا کہ 30 ڈالر تک مالیت کے موبائل فونز پر ٹیکس کی شرح 25 فیصد، 31 سے 100 ڈالر مالیت کے فونز پر 36 فیصد، 101 سے 200 ڈالر مالیت کے درآمدی فونز پر 40 فیصد، 201 سے 350 ڈالر مالیت کے فونز پر موثر ٹیکس شرح 38 فیصد، 351 سے 500 ڈالر مالیت کے اسمارٹ فونز پر 40 فیصد جبکہ 500 ڈالر سے زائد مالیت کے فونز پر موثر ٹیکس شرح 41 فیصد ہے۔ حکام کے مطابق موبائل فون کی قیمت بڑھنے کے ساتھ ٹیکس کی شرح بھی بڑھتی ہے اور فی یونٹ ٹیکس 1500 روپے سے بڑھ کر 141500 روپے تک پہنچ جاتا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 44 فیصد درآمدی فونز 31 سے 100 ڈالر کی کم ٹیکس والی کیٹیگری میں شامل ہیں جبکہ تمام درآمدی فون کیٹیگریز میں اوسط موثر ٹیکس شرح 6,39 فیصد بنتی ہے۔ اجلاس کے دوران اراکین کمیٹی نے نشاندہی کی کہ مارکیٹ میں اس وقت لاکھوں نان پی ٹی اے موبائل فون موجود ہیں اور موبائل فونز پر عائد ٹیکسوں کی ادائیگی کے لیے اقساط کا نظام متعارف کرایا جانا چاہیے۔ اراکین کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں چھوٹی چھوٹی اشیا پر بھی انسٹالمنٹس کی سہولت موجود ہے۔

بقیہ نمبر 52
باتیں کی جاتی۔ انہوں نے کہا کہ بغیر کسی ثبوت کے کرپشن کے الزامات لگاتے ہیں، کرپشن کی باتیں ان کے منہ سے اچھی نہیں لگتیں، جب ثبوت مانگو تو ان کے پاس جواب نہیں ہوتا، سوشل میڈیا کی لائی باتیں یہاں کی جاتی ہیں، بجٹ کے دوران اچھے طریقے سے بجٹ سنا گیا، اپوزیشن پر کیمرہ آتا تو بولنا شروع کر دیتے ہیں تا کہ سوشل میڈیا پر ڈیموکریٹ ثابت ہو سکیں۔

بقیہ نمبر 53
پاکستان نے ایران میں جنگ بندی کیلئے اہم کردار ادا کیا جو بڑی خوشخبری ہے۔ ہمیش فاکنر کا کہنا تھا کہ پاکستان کے بجٹ سے متعلق بھی اچھی خبریں ہیں، کچھ علاقوں میں عوام اب بھی معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 54
موٹروے ایم ون سے ملانے کا منصوبہ تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ منصوبے کے تحت مارگلہ ایونیو کو سنگجانی کے قریب جی ٹی روڈ کے راستے ایم ون موٹر وے سے منسلک کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق منصوبے کے اسلام آباد حصے میں تقریباً 7.2 کلومیٹر طویل سڑک تعمیر کی جارہی ہے

بقیہ نمبر 55
کی عدم دستیابی کا شکار ہیں۔ سندھ میں پیپلز پارٹی کی 18 سال سے حکومت ہے۔ کراچی کے شہری پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم نورا کشتی میں لگے ہوئے ہیں۔ قومی و بلدیاتی انتخابات میں جماعت اسلامی کے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا گیا۔ جماعت اسلامی کے جیتے ہوئے ٹاؤنز و یوسیز پر قبضہ کیا گیا۔ قومی انتخابات میں ایم کیو ایم نے ایک یوسی تک نہیں جیتی اسے 17 قومی اسمبلی کی نشستیں دے دی گئیں۔ قوم حق وانصاف کی بالادستی اور اپنے جائز وقانونی حقوق کے حصول کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دے، ممبر بنیں اور قوت بنیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کے روز ہسپتال چورنگی ضلع ملیر اور مشرف کالونی ضلع سٹی میں جماعت اسلامی کے تحت جاری ملک گیر ممبر شپ مہم کے سلسلے میں لگائے گئے کیمپ کے دورے کے موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 56
کا مطالبہ کیا ہے کہ ادارے کو بحال کیا جائے گا یا اسے ختم کرنے کی جانب پیش رفت کی جارہی ہے۔ اسٹیک ہولڈرز گروپ کے کنویئر مریز خان نے چیئرمین پاکستان اسٹیل ملز سیف اللہ چٹھہ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایڈیشنل چارج) جودت ایاز کو ارسال کردہ خط میں موقف اختیار کیا ہے کہ ازسرنو تشکیل دیے گئے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 19 ماہ گزرنے کے باوجود ادارے کے انتظامی ڈھانچے کو مکمل نہیں کیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر، پرنسپل ایگزیکٹو آفیسرز، انٹرنل آڈیٹر اور مستقل کارپوریٹ سیکریٹری سمیت اہم عہدوں پر مستقل تقرریاں نہیں کی گئیں۔ مریز خان کے مطابق پاکستان اسٹیل ملز کی تربیت یافتہ تکنیکی افرادی قوت کا بڑا حصہ ریٹائرمنٹ اور برطرفیوں کے باعث ختم ہو چکا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے ادارے کے مستقبل کے حوالے سے تاحال واضح فیصلہ سامنے نہیں آیا۔ خط میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ جولائی 2008 سے اپریل 2026 تک پاکستان اسٹیل ملز کے نقصانات اور واجبات 800 ارب روپے سے تجاوز کر چکے ہیں جبکہ موجودہ صورتحال کے باعث مالی بوجھ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اسٹیک ہولڈرز گروپ نے موقف اختیار کیا کہ مقامی تربیت یافتہ افرادی قوت کی مدد سے پاکستان اسٹیل ملز کو دوبارہ فعال بنایا جاسکتا ہے۔ گروپ نے انتظامیہ سے ملاقات کی درخواست بھی کی ہے تا کہ متاثرہ ملازمین، اسٹیل ٹاؤن اور گلشن حدید کے رہائشیوں کو درپیش مسائل اور ادارے کی بحالی سے متعلق تجاویز پیش کی جاسکیں۔

بقیہ نمبر 57
کے اجلاس میں مسلم لیگ ن کے ایم پی اے ارشد ملک نے مطالبہ کیا کہ 5 ہزار کے نوٹ پر نواز شریف کی تصویر بھی ہونی چاہیے۔ ارشد ملک کا کہنا تھا کہ 5 ہزار کے نوٹ پر قائد اعظم کے ساتھ نواز شریف کی تصویر بھی ہونی چاہیے۔ رکن پنجاب اسمبلی کا کہنا تھا کہ وہ نواز شریف ہی تھا جس نے اس ملک کو ترقی کی طرف گامزن کیا۔

بقیہ نمبر 58
کی تجاویز منظور کر لی گئیں جبکہ 1800 سی سی تک گاڑیوں کو اسپیشل ایکسائز ڈیوٹی سے مستثنیٰ رکھنے کا فیصلہ برقرار رکھا گیا۔ وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے اجلاس کو بتایا کہ 1800 سی سی تک گاڑیوں پر اسپیشل ایکسائز ڈیوٹی عائد نہیں کی جارہی، حکومت بڑی اور لگژری گاڑیوں کو سستا نہیں کرنا چاہتی۔ ایف بی آر حکام کا کہنا تھا کہ 2000 سے 3000 سی سی تک کی درآمدی گاڑیوں پر 86 فیصد جبکہ 3000 سی سی سے زائد گاڑیوں پر 92 فیصد اسپیشل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز پیش کی گئی جسے کمیٹی نے منظور کر لیا۔ اجلاس میں الیکٹرک گاڑیوں کے درآمدی پرزوں پر ایک سال کے لیے ایک فیصد سیلز ٹیکس کی سہولت میں توسیع کی تجویز بھی منظور کی گئی، بڑی درآمدی الیکٹرک گاڑیوں پر 30 سے 40 فیصد کسٹم ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز کی بھی منظوری دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ 75 ہزار ڈالر مالیت تک کی درآمدی الیکٹرک گاڑیوں پر 30 فیصد جبکہ ایک لاکھ 10 ہزار ڈالر سے زائد مالیت کی ای وی گاڑیوں پر 40 فیصد کسٹم ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز ہے۔ دوسری جانب کمیٹی نے درآمدی ہائبرڈ، الیکٹرک اور لگژری گاڑیوں پر 30 سے 40 فیصد کسٹم ڈیوٹی اور 86 سے 92 فیصد اسپیشل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجاویز کی منظوری دے دی۔ مزید برآں اجلاس کے دوران چیئرمین ایف بی آر نے درآمدی موبائل فونز پر عائد 20 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کی یقین دہانی بھی کرائی۔

بقیہ نمبر 59
ایم اے) نے ملک کے مختلف علاقوں میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارشوں کے حوالے سے الرٹ جاری کر دیا۔ این ڈی ایم کے کے مطابق چترال، دیر، سوات، بٹگرام، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، صوابی، مردان، چارسدہ، پشاور، کوہاٹ، پاراچنار، کرک، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان اور وزیرستان میں بارش متوقع ہے

بقیہ نمبر 60
میڈیا کے مطابق قبل ازیں امریکی صدر کے دھمکی آمیز بیانات پر ایرانی وفد نے شدید احتجاج کرتے ہوئے باضابطہ احتجاج درج کرایا اور بعد ازاں مذاکراتی میز چھوڑ کر چلا گیا۔ ایرانی وفد نے سرکاری میڈیا کو بھی ہوٹل بلا لیا، ایرانی خبر ایجنسی نے بھی بتایا کہ باقر قالیباف کی قیادت میں وفد نے برگن اسٹاک سے روانگی کی تیاری شروع کر دی ہے۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے لبنان کے معاملے پر اسرائیل پر دباؤ ڈالنے کے بجائے ایران کو دھمکیاں دینا شروع کر دیں۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ٹروتھ سوشل' پر امریکی صدر نے ایک پوسٹ میں مطالبہ کیا کہ ایران لبنان میں اپنے پراکسیز کو گڑبڑ کرنے سے روکے، اگر تہران باز نہ آیا تو ہم اس پر دوبارہ بہت سخت حملہ کریں گے۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایران پر ایسے ہی حملہ کریں گے جیسے پچھلے ہفتے کیے تھے، بلکہ ان سے بھی زیادہ شدید حملے کریں گے

بقیہ نمبر 61
شکر گزار ہیں، عاصم منیر عظیم ملٹری لیڈر ہیں وہ نہ ہوتے تو آج ہم یہاں نہ ہوتے۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے برگن سٹاک ریزارٹ میں امریکا ایران تکنیکی مذاکرات سے قبل امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور ایرانی سپیکر باقر قلیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقاتیں کیں۔ پاکستان وقطر کی ثالثی میں امریکا ایران مذاکرات سے قبل برگن سٹاک ریزارٹ سفارتی سرگرمیوں کا مرکز بنا رہا، جہاں وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس سے ملاقات کی۔ اس موقع پر سٹیو وٹکوف اور جے ڈی کشنر بھی موجود تھے، جے ڈی وینس نے آگے بڑھ کر وزیر اعظم کا گرمجوشی سے پرتپاک استقبال کیا۔ وہ فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بھی گلے ملے ، جے ڈی وینس نے پاکستان کے سفارتی کردار کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ وی لو پاکستان، تھینک یو۔ انہوں نے پاکستان سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بطور خاص کہا کہ آپ نے جو کچھ کیا اس کے لیے آپ کا شکریہ۔

بقیہ نمبر 62
قیادت نے نازک وقت میں مؤثر مداخلت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے کروڑوں انسانوں کی زندگیاں بچانے میں اہم کردار ادا کیا، کیونکہ اگر تنازع نہ روکا جاتا تو ایٹمی جنگ کے نتیجے میں بے شمار جانیں ضائع ہو سکتی تھیں۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان دیرینہ تعلقات قائم ہیں، اور وہ پاکستان کے ساتھ وابستگی پر صدر ٹرمپ کے شکرگزار ہیں۔

بقیہ نمبر 63
کہ ان کی حکومت کے دور میں غلام خان، انگور اڈا اور طورخم بارڈرز پر سہولیات میں اضافہ کیا گیا جبکہ افغانستان کے ساتھ برآمدات 7.1 ارب ڈالر تک پہنچ گئی تھیں۔ رہنما تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ انہوں نے کہا کہ جب تک افغانستان اور وسطی ایشیائی منڈیوں تک رسائی بحال نہیں ہوتی، تاجروں کی معاشی حالت بہتر نہیں ہو سکتی۔ اسد قیصر نے کہا کہ قومی اسمبلی میں سوال اٹھایا ہے کہ کیا اس وقت بھارت کے ساتھ تجارت مکمل طور پر بند ہے، تنازعات اپنی جگہ لیکن تاجروں کو سہولیات فراہم کرنا ضروری ہے۔ وزیر اعظم سے حالیہ ملاقات میں فاٹا پاٹا پر ٹیکسوں کے نفاذ کا معاملہ بھی اٹھایا گیا اور مطالبہ کیا گیا کہ افغانستان کے ساتھ تعلقات کو سفارتی رخ پر بہتر بنا کر کاروباری سرگرمیاں متاثر نہ ہونے دی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فاٹا پاٹا کے تاجروں اور عوام کے حالات پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں جبکہ بیشتر بارڈرز بند ہیں، ایسے میں پشاور کا تاجر لاہور اور کراچی کے تاجروں کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ دہشت گردی اور بارڈرز سے متعلق معاملات پالیسی ایشوز ہیں جن کے مستقل حل کی ضرورت ہے۔ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ پاک افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں ایسی شق شامل کی گئی تھی جس کے تحت پاکستانی ٹرانسپورٹ کو وسطی ایشیا تک رسائی مل سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈرائی پورٹ کی مکمل فعالیت کے بغیر تاجروں کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ٹوپی میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت سے جاں بحق خاتون کے لواحقین میڈیا سے گفتگو کررہے

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ٹوپی میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت سے خاتون جاں بحق

خاتون خود چل کر علاج کے لیئے گئی تھی، غلط انجکشن لگایا گیا جس نے ری ایکشن کر دیا، لواحقین کا احتجاج

وزیراعظم، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا، وفاقی وزیر صحت، صوبائی حکومت کے اعلیٰ حکام سے انکوائری کا مطالبہ

ٹوپی (پ ر) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ٹوپی میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت سے خاتون جاں بحق، لواحقین کا احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ٹوپی میں علاج کی غرض سے جانے والی مریضہ ڈکٹروں کی جانب سے غلط انجکشن لگانے اور مبینہ طبی غفلت کے باعث جاں بحق ہوگئی۔ لواحقین کے مطابق خاتون ہسپتال میں چل کر علاج کے لیئے گئی تھی۔ ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے غلط انجکشن لگایا گیا جس نے ری ایکشن کر دیا ہسپتال انتظامیہ کو بتایا بھی گیا کہ وہ انجکشن نہ لگاہیں مگر انہوں نے توجہ نہ دی مریضہ کو انجکشن لگا دیا جس سے موقع پر اس کی ڈیتھ گئی۔ مذکورہ ہسپتال کے ڈاکٹروں نے اپنی غفلت پر پردہ ڈالنے کیلئے لواحقین سے کہا کہ آپ مریضہ کو کسی اور ہسپتال لے جائیں جبکہ مریضہ انجکشن لگنے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد پولیس کا سکیورٹی انتظامات کیلئے فلیگ مارچ

ضابطہ اخلاق اور ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی خصوصی نگرانی کی جارہی ہے، ایس ایس پی قاضی علی رضا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد پولیس کا محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام اور فول پروف سکیورٹی انتظامات کیلئے فلیگ مارچ کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، مذہبی ہم آہنگی کے فروغ اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اسلام آباد پولیس نے فلیگ مارچ کا انعقاد کیا، فلیگ مارچ کی قیادت ایس ایس پی آپریشنز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ٹرمپ میری فکر چھوڑیں، اپنی مقبولیت پر توجہ دیں، جارجیا میلونی

میلان (آئی این پی) اطالوی وزیراعظم جارجیا میلونی نے امریکی صدر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میری مقبولیت میں آپ کی دوستی نے اضافہ نہیں کیا، میری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد پولیس محرم الحرام کے حوالے سے شہر میں فلیگ مارچ کر رہی ہے

پٹرول مزید سستا کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے، تابش جٹ

پٹرولیم لیوی اور بجلی کے بلوں پر ٹیکسز اور فکس چارجز کو ختم کیا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیئر ممبر اسلام اباد چیمبر اف کامرس سینیئر نائب صدر جی ٹین مرکز انجمن تاجران تابش محبوب جٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تاجروں اور عوام کے دباو پر پٹرول کی قیمت میں 74 روپے فی لٹر کمی پر حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ مہنگائی سے ستائی عوام کو عالمی مارکیٹ کے حساب سے 75 سے 100 روپے قیمت مذید کم کر کے ریلیف دیا جائے۔ بجلی اور گیس کی قیمتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

مری گلاس ٹرین منصوبہ سیاحتی سفر میں تاریخی انقلاب کی تیاری

شیشے کے کیبن والی الیکٹرک مونوریل چلائی جائے گی جو سیاحوں کو پہاڑی مناظر سے لطف اندوز ہونے کا منفرد موقع فراہم کریگی

روٹ 40 کلومیٹر پر مشتمل ہوگا، اسلام آباد کے لیک ویو پارک کے قریب سے شروع ہو کر مری بس اسٹینڈ تک جائے گا، حکام

اسلام آباد (آئی این پی) مری گلاس ٹرین منصوبہ ایک مرتبہ پھر تیزی سے پیش رفت کی جانب بڑھ رہا ہے، جس کا مقصد اسلام آباد اور مری کے درمیان جدید، تیز رفتار اور ماحول دوست سفری سہولت فراہم کرنا ہے۔ منصوبے کے تحت شیشے کے کیبن والی الیکٹرک مونوریل چلائی جائے گی جو سیاحوں کو پہاڑی مناظر سے لطف اندوز ہونے کا منفرد موقع فراہم کرے گی۔ حکام کے مطابق منصوبے کا مجوزہ روٹ تقریبا 40 کلومیٹر پر مشتمل ہوگا، جو اسلام آباد کے لیک ویو پارک کے قریب سے شروع ہو کر مری بس اسٹینڈ تک جائے گا۔ ابتدائی منصوبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سندھ طاس معاہدہ پانی کی تقسیم میں استحکام کا ذریعہ رہا ہے، مہر شاہ

کیس کے زیر اہتمام سیمینار، دانشوروں اور متعلقہ شعبوں کے ماہرین کی شرکت

لاہور (نمائندہ شہرنامہ) سینٹر فار ایرو سپیس اینڈ سیکیورٹی سٹڈیز (کیس) نے "جدید تنازعات میں پانی بطور ہتھیار: بین الاقوامی معاہدوں سے بحری گزرگاہوں تک" کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ ایک خودمختار تھنک ٹینک کے طور پر، کیس لاہور قومی سلامتی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

لندن: عمارت میں آگ بھڑک اٹھی، 3 افراد جھلس کر ہلاک

لندن (صباح نیوز) لندن کے علاقے وائٹ سٹی میں عمارت میں آگ لگنے سے 3 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانوی دارالحکومت لندن کے علاقے وائٹ سٹی میں آگ لگنے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

الشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال چکوال کے تعاون سے فری آئی کیمپ 23 جون کو ہوگا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان کے رہنما، معروف ماہر تعلیم سماجی و سیاسی شخصیت غضنفر علی مرزا کے توسط سے الشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال چکوال کے تعاون سے فری آئی کیمپ ڈھوک مغلاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

حسینیؓ مشن صداقت کے علم برداروں کیلئے مشعل راہ رہیگا، پیر نقیب الرحمن

آپؓ کے 72 جانثاروں نے عظیم قربانی پیش کر کے دین اسلام کو حیاتِ جاودانی عطا فرمائی

راولپنڈی (پ ر) دربار عالیہ عیدگاہ شریف کے سجادہ نشین و عالم اسلام کے ممتاز مذہبی وروحانی پیشوا پیر محمد نقیب الرحمن نے کہا ہے کہ حضرت امام عالیمقام سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپؓ کے 72 جانثاروں نے میدانِ کربلا میں عظیم قربانی پیش کر کے دینِ متین اسلام کو حیاتِ جاودانی عطا فرمائی اور یہ حسینیؓ مشن قیامت تک حق اور صداقت کے علم برداروں کے لئے مشعلِ راہ رہے گا۔ سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ہرگز مجبور نہ تھے اور آپ علیہ السلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

محرم الحرام، عزاداران کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں، علامہ شبیر

جنرل سیکرٹری شیعہ علماء کونسل کی مجلس عزا میں شرکت، عزاداری انتظامات کا جائزہ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے عشرۂ محرم الحرام 1448ھ کی چوتھی مجلس عزا میں کراچی کے مختلف مقامات پر شرکت کی اور عزاداری کے انتظامات کا جائزہ لیا، علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے جامع مسجد بقیۃ اللہ میں منعقدہ مجلس عزا میں شرکت کی جہاں چیئرمین جامع مسجد بقیۃ اللہ کمیٹی وصدر کمیٹی کے ہمراہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سیالکوٹ، چوری کے الزام میں معذور شخص پر تشدد، ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (آئی این پی) سیالکوٹ میں مبینہ طور پر 200 روپے چوری کرنے کے الزام پر ذہنی معذور شخص کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ سیالکوٹ میں پیش آیا جہاں ایک ذہنی معذور شخص پر مبینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

یونیورسٹی آف اٹک کا قیام نوجوان نسل کے لیے تاریخی تحفہ، ریاست سدرھریال

جنڈ (بیورو رپورٹ) ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی ملک ریاست علی سدرھریال نے کہا ہے کہ یونیورسٹی آف اٹک کا قیام ضلع اٹک کی عوام بالخصوص نوجوان نسل کے لیے ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پنجاب حکومت نے بہترین بجٹ پیش کیا ہے، تحسین فواد

مریم نواز شریف پنجاب کو عوامی فلاحی صوبہ بنانے کی جانب گامزن

راولپنڈی (پ ر) ممبر پنجاب اسمبلی تحسین فواد نے وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے پیش کیے گئے مالی سال 2026-27 کے بجٹ کو عوام دوست، متوازن اور ٹیکس فری بجٹ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بجٹ پنجاب کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کے ویژن کا عکاس ہے۔ اپنے ایک اخباری بیان میں تحسین فواد نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مشکل معاشی حالات کے باوجود پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

حسین جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں، قاضی قمرالدین

اڈیالہ (نامہ نگار) امام حسین علیہ السلام باطل کے سامنے ڈٹ جانے کا نام ھے۔ حسنین کریمیں جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں، امام حسین علیہ السلام نے 72 تن قربان کر دیئے مگر نانے کے دین پر حرف نہ آنے دیا۔ موت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام تک پہنچایا جائے، ساجد عباسی

ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے

راولپنڈی (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچانے کے لیے ضلعی انتظامیہ فوری اور مؤثر اقدامات کرے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جب حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرتی ہے تو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

رہجا کے زیر اہتمام تعزیتی ریفرنس ودعائیہ تقریب

عتیق خان اور دیگر ممبران رہجا کے پیاروں کی وفات کا دلی افسوس ھے، سردار شوکت

اسلام اباد (پ ر) راولپنڈی اسلام آباد بیورز جرنلسٹس ایسوسی ایشن (رہجا) کے زیر اہتمام رہجا کے سابق نایب صدر سینئر صحافی عتیق خان ممبر رہجا فیصل ندیم کی والدہ ممبر رہجا اشفاق تنولی کے والد رہجا کے جوائنٹ سیکرٹری شکیل پسوال کے بھائی اور راجہ فیصل کے بھائی سمیت دیگر مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لیے تعزیتی ریفرنس و دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

مارگلہ ٹنل منصوبہ دو دہائیوں بعد بھی تاخیر کا شکار

اسلام آباد (آئی این پی) مارگلہ پہاڑی سلسلے کے درمیان اسلام آباد کے سیکٹر ڈی بارہ کو ہری پور اور ہزارہ موٹروے سے ملانے کے لئے مجوزہ مارگلہ ٹوئن ٹنلز منصوبہ ایک بار پھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

امام حسین کا پیغام پوری انسانیت کیلئے حق کا پیغام، اعجاز بخاری

عزادارانِ حسین کے لیے پانی اور شربت کی سبیلوں کے قیام کا اقدام خوش آئند



جنڈ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رکن صوبائی اسمبلی اٹک، سید اعجاز حسین بخاری نے کہا ہے کہ حضرت امام حسین کا پیغام پوری انسانیت کے لیے حق، وفا، قربانی اور ظلم کے خلاف ڈٹ جانے کا پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے عزادارانِ حسینؑ کے لیے پانی اور شربت کی سبیلوں کے قیام کا اقدام خوش آئند ہے اور ہم اس اچھے عمل کو تسلیم کرتے ہیں، تاہم دوسری جانب پنجاب بھر میں قدیمی اور روایتی مجالسِ عزا کے بانیان کے خلاف مختلف دفعات کے تحت مقدمات درج کیے جا رہے ہیں جو باعث تشویش ہے، اپنی رہائش گاہ پر میڈیا سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اڈیالہ، سید وقار کاظمی کے بھائی زرین کاظمی کی محفل چہلم سے پیر قاضی قمرالدین چشتی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

چکوال، اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ارسلان سکندر محرم الحرام کے جلوس روٹس اور کنٹرول روم کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری، پاک چین مالیاتی تعاون کے نئے دور کا آغاز

چینی وفد کی چیئرمین SECP سے ملاقات، سرمایہ کاری، مالیاتی تعاون کے فروغ اور نئی مالیاتی مصنوعات متعارف کرانے پر غور

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کی کیپٹل مارکیٹس میں غیر ملکی سرمایہ کاری اور پاک چین مالیاتی تعاون کے ایک نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں چائنا فنانشل فیوچرز ایکسچینج، شنگھائی اسٹاک ایکسچینج اور شینزن اسٹاک ایکسچینج کے اعلیٰ سطحی وفد نے چیئرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

کیمرہ جرنلسٹس میڈیا انڈسٹری کا اہم ستون ہیں، سید امتیاز الحق بخاری

ایسوسی ایشن کے انتخابات، کامیابی حاصل کرنے والے تمام عہدیداران کو مبارکباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بخاری گروپ آف کمپنیز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور معروف سماجی شخصیت سید امتیاز الحق بخاری نے ایسوسی ایشن آف کیمرہ جرنلسٹس کے حالیہ انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے تمام عہدیداران اور گورننگ باڈی کے اراکین کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے نو منتخب صدر دانش شکیل، نائب صدر طالب ملک، جنرل سیکریٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

تعلیمی بجٹ مسترد، غریبوں کو ان پڑھ رکھنے کا خطرناک منصوبہ، جاوید انتظار

عالمی معیار مجموعی پیداوار کا 4 سے 6 فیصد تعلیم پر خرچ کرنے کی سفارش کرتا ہے

اسلام آباد () ایسوسی ایشن آف آل ایفیلیٹڈ انسٹیٹیوشنز (AAI) نے وفاقی بجٹ میں مختص تعلیمی بجٹ کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ میں تعلیم پر مجموعی پیداوار (GDP) کا 0.9 رکھ کر غریبوں کو ان پڑھ رکھنے کا خطرناک منصوبہ بنایا گیا ہے۔ چیئرمین AAI جاوید انتظار نے تعلیمی بجٹ کو سلگتے ہوئے زمینی حقائق سے منافی قرار دیتے ہوئے اپنے بیان میں کہا کہ بجٹ میں تعلیم پر مختص کردہ رقم سے ہر بچے پر سالانہ تعلیمی اخراجات 136 روپے بنتے ہیں۔ عالمی معیار مجموعی پیداوار کا 4 سے 6 فیصد تعلیم پر خرچ کرنے کی سفارش کرتا ہے۔ تعلیم پر سرمایہ کاری کے بغیر کوئی ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ڈی آئی جی جواد طارق اور ایس ایس پی قاضی علی رضا کا مختلف امام بارگاہوں کا دورہ

اسلام اباد (نمائندہ شہرنامہ) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کا محرم الحرام کے سلسلے میں مختلف امام بارگاہوں کا دورہ۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے محرم الحرام کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، ڈی آئی جی جواد طارق امام بارگاہ کا دورہ کر رہے ہیں

یوم عاشور پر مری کے سیاحتی مقامات کھلے رکھنے کا فیصلہ، ٹریول ایڈوائزری جاری

مال روڈ کے مخصوص سکیورٹی زونز کے علاوہ تمام سیاحتی مقامات اور مضافاتی تفریحی پوائنٹس عام سیاحوں کیلئے کھلے رہیں گے

مرکزی جلوس کی فول پروف سکیورٹی پلان کو حتمی شکل دیدی گئی، قیام امن کیلئے آمدورفت محدود رہے گی، ڈی پی او ڈاکٹر رضا تنویر

مری/راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام اور ملکہ کوہسار مری آنے والے سیاحوں کی سہولت کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری ڈاکٹر محمد رضا تنویر نے فل پروف سکیورٹی پلان کو حتمی شکل دیتے ہوئے خصوصی ٹریول ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ ایک ویڈیو پیغام میں ڈی پی او مری ڈاکٹر محمد رضا تنویر نے بتایا کہ 10 محرم الحرام کا مرکزی جلوس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پٹرول سستا، مہنگائی میں فرق آنا چاہیے، ڈاکٹر حنیف مغل

زیادہ ریلیف ہی غریبوں کے لیے آسانی پیدا کر سکتا ہے، چیئرمین تحریک شاد باد

اسلام آباد (پ ر) ڈاکٹر محمد حنیف مغل چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد نے کہا ہے کہ پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی مہنگائی میں فرق آنا چاہیے پاک ایران جنگ کا مسئلہ حل ہونے سے علاقے میں امن اور دنیا میں سکون آئے گا ان تمام حالات میں خاص طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سلنسر نکالنے والی موٹر سائیکلوں کے شور سے شہریوں کو پریشانی

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکلوں کے سلنسر نکال کر یا تبدیل کر کے شور پیدا کرنے کا رجحان بڑھنے لگا ہے، جس کے باعث شہر میں شور کی آلودگی میں نمایاں اضافہ ہو گیا ہے۔ شہریوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ایس ایچ او ملک جعفر کا امام بارگاہ قصرِ امام حسین دومیل کا دورہ

اتحادِ مومنین، شعائرِ حسینی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

دومیل جنڈ (الطاف طاہر) ایس ایچ او بسال ملک جعفر نے امام بارگاہ قصرِ امام حسین دومیل کا دورہ کیا اس موقع پر سپریم کونسل کے اراکین موجود تھے واضح کی مجالسِ عزا کا سلسلہ عقیدت و احترام سے جاری، ہے اور سپریم کونسل نے مثالی انتظامات کر رکھے ہیں اور شیعہ سنی کی مکمل ہم آہنگی اور یکجہتی مل جل کر عشرہ محرم الحرام عقیدت واحترام سے منا رہے ہیں دومیل: امام بارگاہ قصرِ امام حسینؑ میں محرم الحرام کی مجالسِ عزا نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ جاری ہیں۔ ذاکر اہلبیت بحر المصائب سید صادق حسین شیرازی۔ اور ذاکر شجر عباس محمد و آل محمد کے فضائل و مصائب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کشمیر چوک اسلام آباد پر اسمارٹ انڈر پاس جلد تعمیر کیا جائیگا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی دارالحکومت کے اہم ترین ٹریفک پوائنٹ کشمیر چوک پر ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے کیلئے اسمارٹ انڈر پاس تعمیر کرنے کا منصوبہ تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے منصوبے کی تیاری اور ٹینڈرنگ کے عمل کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

بی جے پی حکومت امہ کی مذہبی ثقافتی شناخت مٹانے پر تل گئی

نئی دہلی (کے ایم ایس) بھارت میں مودی کی زیر قیادت بی جے پی حکومت ہندوتوا ایجنڈے کے تحت مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو مٹانے پر تلی ہوئی ہے اور وہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

گوجرخان شہر میں نوے فیصد سٹریٹس لائٹس بند

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان شہر میں نوے فیصد سٹریٹس لائٹس بند گوجرخان بلدیہ میں نالائق سٹریٹس لائیٹ کے عملے کی وجہ سے سارا کا سارا شہر تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے بانی و چیئرمین عوامی ایکشن کمیٹی راجہ ضیاء الحق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ڈاکٹر ہمایوں محمد کا اسلوب روایت اور جدت کا حسین امتزاج

انسان، معاشرے اور حقیقت کے درمیان ایک سنجیدہ مکالمہ تصور کرتے ہیں





اسلام اباد (پ ر) ڈاکٹر ہمایوں محمد کا اسلوب روایت اور جدت کا حسین امتزاج ہے۔ ایک طرف ان کی زبان کلاسیکی اردو کی تہذیبی لطافت، علامتی گہرائی اور بیانیہ وقار سے وابستہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

گوجرخان نوجوان خاتون سے مبینہ زیادتی، نازیبا ویڈیو بنا کر بلیک میل کرنے کا الزام، پولیس سے کارروائی کا مطالبہ

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان کے نواحی علاقے کی ایک نوجوان خاتون نے تھانہ گوجرخان میں درخواست دیتے ہوئے اپنے قریبی رشتہ دار پر گھر میں زبردستی داخل ہو کر مبینہ زیادتی، نازیبا ویڈیو بنانے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

بابا شاہ جمال بخاریؒ کنجاہ اسلام آباد کا عرس شروع

پہلی مرتبہ گھڑسواری اور نیزہ بازی کے شاندار مقابلوں کا انعقاد

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) حضرت بابا شاہ جمال بخاریؒ کنجاہ اسلام آباد کا تین روزہ سالانہ عرس مبارک سجادہ نشین سائیں راجہ ناصر امین کی زیر انتظام نہایت عقیدت احترام اور جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا عرس کا آغاز محفلِ پاک سے ہوا جس کی نگرانی حضرت علامہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

شہرنامہ
SHEHAR NAMA Islamabad
اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ضرورت نمائندگان

SNN شہرنامہ نیوز

شہرنامہ
SHEHAR NAMA Islamabad
اسلام آباد
ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

ہمیں اپنے اخبار روزنامہ "شہرنامہ" اسلام آباد کے لئے مردان ریجن کے درج ذیل علاقوں سے شعبہ صحافت سے وابستہ تجربہ کے حامل کارکن نمائندگان کی ضرورت ہے۔

مردان | تخت بھائی | صوابی | شیر گڑھ
ٹوپی | جہانگیرہ | لوند خوڑ | کاٹلنگ
رزڑ | نوشہرہ | رستم | بخشالی
یار حسین | تورڈھیر | چھوٹا لاہور | چارسدہ

برائے رابطہ: محمد زمان عادل
ریجنل بیورو چیف روزنامہ 'شہرنامہ' اسلام آباد
03137771474
03335196088
0512240356
2nd فلور العریش پلازہ، غوری VIP اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

SPS
سہگل پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل اِنک ویر پارےٹس

ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083